بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝17 ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ رُبَمَا 14 ﴾

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بیت القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ رُبَمَا ﴾ پارہ نمبر 14
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
ایڈیشن اول	مارچ 2010
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 042-111 737 111 ایکسٹینشن 115

فیکس 042-111 737 111 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ ''بیت القرآن'' اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب پرنٹ شدہ ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2. ''بیت القرآن'' کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ ''بیت القرآن'' کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیراً۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور با محاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کرلئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کردی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	کسی وقت چاہیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿2﴾	کاش! وہ ہوتے مسلمان۔ ﴿2﴾
ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَ يَتَمَتَّعُوْا	آپ چھوڑ دیں انہیں وہ کھائیں اور فائدہ اٹھائیں
وَ يُلْهِهِمُ الْاَمَلُ	اور غفلت میں ڈالے رکھے اُنہیں اُمید
فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿3﴾	پھر جلد وہ جان لیں گے۔ ﴿3﴾
وَ مَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ	اور نہیں ہم نے ہلاک کیا کسی بستی کو
اِلَّا وَلَهَا	مگر اس حال میں (کہ) اسکے لیے
كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿4﴾	لکھا ہوا مقرر (وقت تھا)۔ ﴿4﴾
مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا	نہیں آگے نکل سکتی کوئی اُمت اپنے مقررہ وقت سے
وَ مَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿5﴾	اور نہ وہ پیچھے رہتے ہیں۔ ﴿5﴾
وَ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ	اور انہوں نے کہا: اے (وہ شخص) جو (کہ)
نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ	نازل کی گئی اس پر نصیحت!

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوَدُّ	مودت ومحبت۔	قَرْيَةٍ	قریہ قریہ بستی بستی، اُمّ القریٰ۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	اِلَّا	الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
مُسْلِمِيْنَ	مسلم، مسلمان، اسلام۔	تَسْبِقُ	سبقت، مسابقت، سابقہ۔
يَاْكُلُوْا	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	اَجَلَهَا	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
يَتَمَتَّعُوْا	متاع کارواں، مال ومتاع۔	يَسْتَاْخِرُوْنَ	مؤخر، تاخیر، آخری۔
يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	قَالُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَهْلَكْنَا	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	نُزِّلَ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
مِنْ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	عَلَيْهِ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

رُبَمَا	یَوَدُّ ❶	الَّذِیْنَ	کَفَرُوْا	لَوْ	کَانُوْا
کسی وقت	وہ چاہیں گے	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	کاش!	وہ سب ہوتے

مُسْلِمِیْنَ (2)	ذَرْهُمْ ❷	یَاْکُلُوْا	وَ	یَتَمَتَّعُوْا
سب اسلام لانے والے	آپ چھوڑ دیں اُنہیں	وہ سب کھائیں	اور	وہ سب فائدہ اُٹھائیں

وَ	یُلْهِهِمُ ❷	الْاَمَلُ ❸	فَسَوْفَ	یَعْلَمُوْنَ (3)
اور	وہ غفلت میں ڈالے رکھے اُنہیں	اُمید	پھر عنقریب	وہ سب جان لیں گے

وَ مَآ	اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ ❹❺❻	اِلَّا	وَ	لَهَا
اور نہیں	ہم نے ہلاک کیا	کسی بستی کو	مگر	اس حال میں (کہ)	اس کے لیے

كِتَابٌ	مَّعْلُوْمٌ (4)	مَا	تَسْبِقُ ❼	مِنْ اُمَّةٍ ❹❺❻
لکھا ہوا	مقرر کیا ہوا	نہیں	آگے نکل سکتی	کوئی اُمت

اَجَلَهَا	وَ مَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ (5)	وَ	قَالُوْا
اپنے مقررہ وقت سے	اور نہ	وہ سب پیچھے رہتے ہیں	اور	انہوں نے کہا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِیْ	نُزِّلَ ❽	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ
اے	(وہ شخص) جو	نازل کی گئی	اس پر	نصیحت!

ضروری وضاحت

❶ یَوَدُّ کا اصل ترجمہ وہ چاہے گا ہے سیاق وسباق کی وجہ سے ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔ ❷ هُمْ فعل کے آخر میں ہوتو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔ ❸ فعل کے بعد اسم کے آخر میں پیش ہوتو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❹ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ ۃ مؤنث کی علامت، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِنَّكَ لَمَجۡنُوۡنٌ ؕ﴿6﴾	بے شک تو یقیناً دیوانہ ہے۔ ﴿6﴾
لَوۡ مَا تَاۡتِيۡنَا بِالۡمَلٰٓـئِكَةِ	کیوں نہیں لے آتے آپ ہمارے پاس فرشتوں کو
اِنۡ كُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿7﴾	اگر ہیں آپ سچوں میں سے۔ ﴿7﴾
مَا نُنَزِّلُ الۡمَلٰٓـئِكَةَ اِلَّا بِالۡحَـقِّ	نہیں ہم اُتارتے فرشتوں کو مگر حق کے ساتھ
وَمَا كَانُوۡۤا اِذًا مُّنۡظَرِيۡنَ ﴿8﴾	اور نہیں ہونگے وہ اس وقت مہلت دیے جانیوالے۔ ﴿8﴾
اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ	بے شک ہم نے ہی نازل کی ہے (یہ) نصیحت
وَاِنَّا لَهٗ لَحٰـفِظُوۡنَ ﴿9﴾	اور بیشک ہم اسکی ضرور حفاظت کرنیوالے ہیں۔ ﴿9﴾
وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے رسول بھیجے آپ سے پہلے
فِىۡ شِيَعِ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿10﴾	پہلے لوگوں کے گروہوں میں۔ ﴿10﴾
وَمَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ	اور نہیں آتا ان کے پاس کوئی رسول
اِلَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿11﴾	مگر (یہ کہ) وہ تھے اس کے ساتھ مذاق کرتے۔ ﴿11﴾
كَذٰلِكَ نَسۡلُكُهٗ	اسی طرح ہم چلاتے (داخل کرتے) ہیں اس (استہزاء) کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَمَجۡنُوۡنٌ : مجنون دیوانہ۔
مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الصّٰدِقِيۡنَ : صداقت، صدق وصفا، صادق وامین۔
نُنَزِّلُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الۡمَلٰٓـئِكَةَ : ملک الموت، ملائکہ، حور وملک۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
بِالۡحَـقِّ : حق وباطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔
الذِّكۡرَ : ذکر، اذکار، تذکیر، مذکورہ۔
لَحٰـفِظُوۡنَ : حفاظت، محافظ، حفظ ما تقدم، محفوظ۔
اَرۡسَلۡنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
قَبۡلِكَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
فِىۡ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الۡاَوَّلِيۡنَ : اوّل وآخر، اوّل انعام، اوّل پوزیشن۔
بِهٖ : بالکل، بہر حال، بالواسطہ۔
يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ : استہزاء۔
نَسۡلُكُهٗ : مسلک، سلوک، مسالک۔

اِنَّكَ	لَمَجۡنُوۡنٌ ؕ (6)	لَوۡ مَا	تَاۡتِيۡنَا ①	بِالۡمَلٰٓـئِكَةِ ②③
بیشک تو	یقیناً دیوانہ ہے	کیوں نہیں	لے آتے آپ ہمارے پاس	فرشتوں کو

اِنۡ	كُنۡتَ	مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ (7)	مَا	نُنَزِّلُ	الۡمَلٰٓـئِكَةَ ③
اگر	آپ ہیں	سچوں میں سے	نہیں	ہم اُتارتے	فرشتوں کو

اِلَّا	بِالۡحَقِّ ②	وَمَا	كَانُوۡۤا	اِذًا	مُّنۡظَرِيۡنَ ④⑤ (8)
مگر	حق کے ساتھ	اور نہیں	وہ سب ہونگے	اس وقت	مہلت دیے جانے والے

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا ⑥	الذِّكۡرَ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوۡنَ (9)
بیشک ہم نے ہی نازل کی	نصیحت	اور بیشک ہم ہی	اس کی	یقیناً سب حفاظت کرنیوالے

وَ	لَقَدۡ	اَرۡسَلۡنَا	مِنۡ قَبۡلِكَ	فِىۡ شِيَعِ	الۡاَوَّلِيۡنَ ⑤ (10)
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے رسول بھیجے	آپ سے پہلے	گروہوں میں	پہلے لوگ

وَ	مَا ⑦	يَاۡتِيۡهِمۡ	مِّنۡ رَّسُوۡلٍ	اِلَّا
اور	نہیں	وہ آتا ان کے پاس	کسی رسول سے	مگر

كَانُوۡا	بِهٖ ②	يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ (11)	كَذٰلِكَ	نَسۡلُكُهٗ
وہ سب تھے	اس کے ساتھ	وہ سب مذاق کرتے	اسی طرح	ہم چلاتے ہیں اس (استہزاء) کو

ضروری وضاحت

① تَاۡتِىۡ کا ترجمہ آتا ہے ہوتا ہے اگر اسکے بعد علامت بِ آجائے تو اسکا ترجمہ لاتا ہے کیا جاتا ہے۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ③ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ یہاں علامت يۡنَ ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ⑥ علامت نَحۡنُ اور نَا دونوں کو ملا کر ترجمہ ہم نے ہی کیا گیا ہے۔ ⑦ مَا کا اصل ترجمہ جو ہے اور کبھی کیا بھی کیا جاتا ہے۔

فِىۡ قُلُوۡبِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ۙ﴿۱۲﴾	مجرموں کے دلوں میں۔ ﴿12﴾
لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِهٖ وَقَدۡ	نہیں وہ ایمان لاتے اس پر، حالانکہ یقیناً
خَلَتۡ سُنَّةُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۳﴾	گزر چکا ہے پہلے لوگوں کا (یہ) طریقہ۔ ﴿13﴾
وَلَوۡ فَتَحۡنَا عَلَيۡهِمۡ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ	اور اگر ہم کھول دیں ان پر کوئی دروازہ آسمان سے
فَظَلُّوۡا فِيۡهِ يَعۡرُجُوۡنَ ۙ﴿۱۴﴾	تو وہ اس میں چڑھنے لگیں۔ ﴿14﴾
لَقَالُوۡۤا اِنَّمَا سُكِّرَتۡ	(پھر بھی) یقیناً کہتے درحقیقت بند کر دی گئیں ہیں
اَبۡصَارُنَا بَلۡ نَحۡنُ	ہماری آنکھیں بلکہ ہم
قَوۡمٌ مَّسۡحُوۡرُوۡنَ ﴿۱۵﴾	جادو کیے ہوئے لوگ ہیں۔ ﴿15﴾
وَلَقَدۡ جَعَلۡنَا فِى السَّمَآءِ بُرُوۡجًا	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے بنائے آسمان میں برج
وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيۡنَ ۙ﴿۱۶﴾	اور ہم نے مزین کر دیا اسے دیکھنے والوں کے لیے۔ ﴿16﴾
وَحَفِظۡنٰهَا مِنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ رَّجِيۡمٍ ۙ﴿۱۷﴾	اور ہم نے محفوظ کر دیا اسے ہر شیطان مردود سے۔ ﴿17﴾
اِلَّا مَنِ اسۡتَرَقَ السَّمۡعَ	مگر جو چوری چھپے سن بھاگے

ع 1/15/1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلُوۡبِ	قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔	مَّسۡحُوۡرُوۡنَ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
الۡمُجۡرِمِيۡنَ	جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد۔	السَّمَآءِ	کتب سماویہ، ارض وسما۔
يُؤۡمِنُوۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	بُرُوۡجًا	برج، چوبرجی۔
فَتَحۡنَا	فتح، فاتح، مفتوح۔	وَّزَيَّنّٰهَا	مزین، تزئین وآرائش۔
عَلَيۡهِمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لِلنّٰظِرِيۡنَ	نظر، نظارہ، منظر، حاضرین وناظرین۔
يَعۡرُجُوۡنَ	عروج وزوال، معراج۔	حَفِظۡنٰهَا	حفاظت، محافظ، حفظ ما تقدم، محفوظ۔
لَقَالُوۡۤا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اسۡتَرَقَ	سارق، مال مسروقہ۔
اَبۡصَارُنَا	بصر، بصارت، بصیرت۔	السَّمۡعَ	سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع۔

وَقَدْ	بِهٖ	يُؤْمِنُوْنَ	لَا	الْمُجْرِمِيْنَ ﴿12﴾ ❶	فِيْ قُلُوْبِ
حالانکہ یقیناً	اس پر	وہ سب ایمان لاتے	نہیں	سب جرم کرنے والے	دلوں میں

عَلَيْهِمْ	فَتَحْنَا	وَلَوْ	الْاَوَّلِيْنَ ﴿13﴾	سُنَّةُ ❷	خَلَتْ ❷
ان پر	ہم کھول دیں	اور اگر	پہلے لوگوں کا	طریقہ	گزر چکا

يَعْرُجُوْنَ ﴿14﴾	فِيْهِ	فَظَلُّوْا	مِّنَ السَّمَآءِ	بَابًا ❸
وہ سب چڑھتے ہیں	اس میں	تو وہ سب ہو جائیں	آسمان سے	کوئی دروازہ

نَحْنُ	بَلْ	اَبْصَارُنَا	سُكِّرَتْ ❷❺	اِنَّمَا ❹	لَقَالُوْٓا
ہم	بلکہ	ہماری آنکھیں	بند کر دی گئی	درحقیقت	یقیناً وہ سب کہتے

ع 1 15 1

فِي السَّمَآءِ	جَعَلْنَا	وَلَقَدْ ❼	مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿15﴾ ❻	قَوْمٌ
آسمان میں	ہم نے بنائے	اور بلاشبہ یقیناً	سب جادو کیے ہوئے	لوگ ہیں

وَحَفِظْنٰهَا	لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿16﴾	وَزَيَّنّٰهَا	بُرُوْجًا
اور ہم نے محفوظ کر دیا اسے	دیکھنے والوں کے لیے	اور ہم نے مزین کر دیا اسے	برج

السَّمْعَ	اسْتَرَقَ	مَنِ	اِلَّا	رَّجِيْمٍ ﴿17﴾	مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ
سماعت	چوری کرے	جو	مگر	مردود	ہر شیطان سے

ضروری وضاحت

❶ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ علامت تْ اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿18﴾	تو پیچھا کرتا ہے اس کا ایک روشن شعلہ۔ ﴿18﴾
وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا	اور زمین ہم نے پھیلا دیا اسے
وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ	اور ہم نے ڈال (گاڑ) دیے اس میں پہاڑ
وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا	اور ہم نے اگائی اس میں
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿19﴾	ہر چیز سے مناسب مقدار۔ ﴿19﴾
وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا	اور ہم نے بنائے تمہارے لیے اس میں
مَعَايِشَ وَمَنْ	روزی کے سامان اور (ان کے لیے بھی) جنہیں
لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿20﴾	نہیں تم اس کو روزی دینے والے۔ ﴿20﴾
وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا	اور نہیں ہے کوئی چیز مگر ہمارے پاس
خَزَآئِنُهٗ ۫ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ	اس کے خزانے ہیں اور نہیں ہم اُتارتے اسے
اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿21﴾	مگر ایک معلوم اندازے سے۔ ﴿21﴾
وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ	اور ہم نے بھیجا ہواؤں کو بوجھل بنا کر

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَتْبَعَهٗ	اتباع، تابع، متبع سنت۔	بِرٰزِقِيْنَ	رزق، رزّاق، رازق۔
شِهَابٌ	شہاب ثاقب۔	عِنْدَنَا	عنداللہ، عندالناس، عندیہ۔
مُّبِيْنٌ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	خَزَآئِنُهٗ	خزانہ، خزانے، خزائن، خزینہ۔
الْاَرْضَ	ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔	نُنَزِّلُهٗ	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اَلْقَيْنَا	ملاقات، ملاقاتی حضرات۔	بِقَدَرٍ	مقدار، بقدرِ ضرورت۔
اَنْۢبَتْنَا	نباتات۔	مَّعْلُوْمٍ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مَّوْزُوْنٍ	وزن، اوزان، موازنہ، موزوں۔	اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، ترسیل، ارسال۔
مَعَايِشَ	معیشت، فکر معاش۔	الرِّيٰحَ	ریح، ریح المسک، ریح بادی۔

فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ ❶	مُّبِيْنٌ ﴿18﴾	وَ	الْاَرْضَ
تو پیچھا کرتا ہے اس کا	ایک شعلہ	روشن	اور	زمین

مَدَدْنٰهَا ❷	وَ	اَلْقَيْنَا ❷	فِيْهَا	رَوَاسِيَ	وَ
ہم نے پھیلا دیا اسے	اور	ہم نے ڈال (گاڑ) دیے	اس میں	پہاڑ	اور

اَنْۢبَتْنَا ❷	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	مَّوْزُوْنٍ ﴿19﴾
ہم نے اُگائی	اس میں	ہر چیز سے	مناسب مقدار

وَ	جَعَلْنَا ❷	لَكُمْ	فِيْهَا	مَعَايِشَ	وَمَنْ
اور	ہم نے بنائے	تمہارے لیے	اس میں	روزی کے سامان	اور جنہیں

لَّسْتُمْ	لَهٗ	بِرٰزِقِيْنَ ❸ ﴿20﴾	وَ	اِنْ ❹	مِّنْ شَيْءٍ ❶
نہیں ہو تم	اس کو	ہرگز سب روزی دینے والے	اور	نہیں ہے	کسی چیز سے

اِلَّا	عِنْدَنَا	خَزَآئِنُهٗ ❺ ز	وَمَا	نُنَزِّلُهٗٓ ❺	اِلَّا
مگر	ہمارے پاس	اس کے خزانے	اور نہیں	ہم اُتارتے اسے	مگر

بِقَدَرٍ ❶	مَّعْلُوْمٍ ﴿21﴾	وَ	اَرْسَلْنَا ❷	الرِّيٰحَ	لَوَاقِحَ ❻
ایک اندازہ سے	معلوم	اور	ہم نے بھیجا	ہواؤں کو	بوجھل بنا کر

ضروری وضاحت

❶ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک یا کسی کیا گیا ہے۔ ❷ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ نفی کے بعد بِ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے اس موقع پر اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ علامت اِنْ کے بعد اگر اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❺ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ❻ یہاں لَ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	پھر ہم نے اُتارا آسمان سے پانی
فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ	پس ہم نے پلایا تمہیں وہ
وَ مَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿22﴾	اور نہیں تم اس کو ہرگز ذخیرہ کرنے والے۔﴿22﴾
وَ اِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ	اور بے شک ہم یقیناً ہم ہی زندہ کرتے
وَ نُمِيْتُ وَ نَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿23﴾	اور مارتے ہیں اور ہم ہی وارث ہیں۔﴿23﴾
وَ لَقَدْ عَلِمْنَا	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے جان لیا ہے
الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ	پہلے گزر چکنے والوں کو تم میں سے
وَ لَقَدْ عَلِمْنَا	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے جان لیا ہے
الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿24﴾	پیچھے آنے والوں کو (بھی)۔﴿24﴾
وَ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ	اور بے شک آپ کا رب وہی اکٹھا کرے گا انہیں
اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿25﴾ ع	بیشک وہ بڑی حکمت والا، خوب علم والا ہے۔﴿25﴾ ع
وَ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے پیدا کیا انسان کو

ع 2/10/2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَنْزَلْنَا	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	نُمِيْتُ	: موت وحیات، سماع موتی، میت۔
مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الْوٰرِثُوْنَ	: وارث، وراثت، ورثاء۔
السَّمَآءِ	: کتب سماویہ، ارض وسما۔	عَلِمْنَا	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مَآءً	: ماء الحیات، ماء اللحم۔	الْمُسْتَقْدِمِيْنَ	: مقدمہ الجیش، خیر مقدم، اقدام۔
فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ	: ساقی، ساقیٔ کوثر۔	الْمُسْتَاْخِرِيْنَ	: مؤخر، تاخیر، آخری۔
وَ	: شان وشوکت، لیل ونہار، عزت واحترام۔	يَحْشُرُهُمْ	: حشر، محشر، حشر نشر۔
بِخٰزِنِيْنَ	: خزانہ، خزانچی، خزینہ۔	حَكِيْمٌ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
نُحْيٖ	: حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔	خَلَقْنَا	: خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔

فَاَنْزَلْنَا ❶❷	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ❸ ج
پھر اُتارا ہم نے	آسمان سے	پانی	پس ہم نے پلایا تمہیں وہ

وَ مَآ	اَنْتُمْ	لَهٗ	بِخٰزِنِيْنَ ❹ (22)	وَ	اِنَّا ❺	لَنَحْنُ
اور نہیں	تم	اس کو	ہرگز سب ذخیرہ کرنے والے	اور	بے شک ہم	یقیناً ہم

نُحْيٖ	وَ	نُمِيْتُ	وَ	نَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ❻ (23)
ہم زندہ کرتے	اور	ہم مارتے ہیں	اور	ہم ہی وارث ہیں

وَ	لَقَدْ	عَلِمْنَا	الْمُسْتَقْدِمِيْنَ	مِنْكُمْ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے جان لیا ہے	سب پہلے گزر چکنے والے	تم میں سے

وَ	لَقَدْ	عَلِمْنَا	الْمُسْتَاْخِرِيْنَ (24)	وَ	اِنَّ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے جان لیا ہے	سب پیچھے آنے والے	اور	بے شک

رَبَّكَ	هُوَ يَحْشُرُهُمْ ❼ ط	اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ
آپ کا رب	وہی اکٹھا کرے گا اُنہیں	بیشک وہ	بڑی حکمت والا

ع 2 10 2

عَلِيْمٌ (25) ع	وَ	لَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ
خوب علم والا ہے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے پیدا کیا	انسان

ضروری وضاحت

❶ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❷ شروع میں اَ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔ ❸ کُمْ کے ساتھ اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو درمیان میں وْ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ❹ بِ سے پہلے اگر مَا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔ ❺ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گر گیا ہے۔ ❻ نَحْنُ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ هُوَ اور یہ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿26﴾	بجنے والی مٹی سے (یعنی) سڑے ہوئے گارے سے۔ ﴿26﴾
وَ الْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ	اور جنّ کو ہم نے پیدا کیا اسے اس سے پہلے
مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿27﴾	سخت حرارت والی آگ سے۔ ﴿27﴾
وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓىِٕكَةِ	اور جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے
اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا	بے شک میں پیدا کرنے والا ہوں ایک انسان
مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿28﴾	بجنے والی مٹی سے (یعنی) سڑے ہوئے گارے سے۔ ﴿28﴾
فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَ نَفَخْتُ	تو جب میں بنالوں اسے اور میں پھونک دوں
فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا	اس میں اپنی روح سے، تو تم گر پڑنا
لَهٗ سٰجِدِیْنَ ﴿29﴾	اس کے لیے سجدہ کرتے ہوئے۔ ﴿29﴾
فَسَجَدَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ	تو سجدے میں گر پڑے فرشتے
كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿30﴾ لا	وہ سب تمام کے تمام۔ ﴿30﴾ لا
اِلَّاۤ اِبْلِیْسَ ؕ اَبٰۤی	سوائے ابلیس کے، اس نے انکار کیا (اس سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	نَفَخْتُ	: نفخہ اولیٰ۔
الْجَآنَّ	: جنّ، جنّات، جنّ وانس۔	فِیْهِ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
خَلَقْنٰهُ	: خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔	رُّوْحِیْ	: روح، ارواح، روحانیت۔
قَبْلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	سٰجِدِیْنَ	: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
نَّارِ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔	كُلُّهُمْ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اَجْمَعُوْنَ	: جمع، جامع، مجمع، جماعت۔
لِلْمَلٰٓىِٕكَةِ	: ملک الموت، ملائکہ۔	اِلَّاۤ	: الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
بَشَرًا	: بشر، بشری تقاضا۔	اِبْلِیْسَ	: ابلیس (شیطان کا نام ہے)۔

مِنْ صَلْصَالٍ	مِّنْ حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ ❶ (26)	وَ	الْجَآنَّ
بجنے والی مٹی سے	گارے سے	سڑے ہوئے	اور	جنّ

خَلَقْنٰهُ ❷❸	مِنْ قَبْلُ	مِنْ نَّارِ	السَّمُوْمِ (27)
ہم نے پیدا کیا اُسے	(اس) سے پہلے	آگ سے	سخت حرارت والی

وَ اِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ ❹	اِنِّیْ	خَالِقٌۢ ❺
اور جب	کہا	آپ کے رب نے	فرشتوں سے	بیشک میں	پیدا کرنے والا

بَشَرًا ❻	مِّنْ صَلْصَالٍ	مِّنْ حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ ❶ (28)
ایک انسان	بجنے والی مٹی سے	گارے سے	سڑے ہوئے

فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَ نَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِيْ
توجب	میں بنالوں اُسے	اور میں پھونک دوں	اس میں	اپنی روح سے

فَقَعُوْا	لَهٗ	سٰجِدِيْنَ ❺ (29)	فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ ❹
توتم سب گر پڑنا	اس کے لیے	سب سجدہ کرتے ہوئے	تو سجدہ کیا	فرشتوں نے

كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ ❼ (30) لا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ ط	اَبٰى
وہ سب	تمام کے تمام	سوائے	ابلیس	اس نے انکار کیا

ضروری وضاحت

❶ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❸ ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ❹ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❺ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❼ یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿31﴾	کہ وہ ہو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ۔ ﴿31﴾
قَالَ يٰۤاِبْلِيْسُ مَا لَكَ	کہا (اللہ نے) اے ابلیس! کیا ہے تجھے
اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿32﴾	کہ نہیں ہوا تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ۔ ﴿32﴾
قَالَ لَمْ اَكُنْ	کہا (ابلیس نے) نہیں ہوں میں (ایسا)
لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ	کہ میں سجدہ کروں کسی انسان کو
خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ	تو نے پیدا کیا اُسے ایک بجنے والی مٹی سے
مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿33﴾	(جو) کالے سڑے ہوئے گارے سے ہے۔ ﴿33﴾
قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا	کہا (اللہ نے) پس تو نکل جا اس سے
فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿34﴾	بے شک تو مردود ہے۔ ﴿34﴾
وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ	اور بے شک تجھ پر لعنت ہے
اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿35﴾ قَالَ	قیامت کے دن تک۔ ﴿35﴾ کہا (ابلیس نے)
رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْۤ	اے میرے رب! پھر مہلت دے مجھے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَعَ	: مع اہل وعیال، معیت۔	رَجِيْمٌ	: رجم، حدِّ رجم۔
السّٰجِدِيْنَ	: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔	وَّ	: شان وشوکت، لیل ونہار، عزت واحترام۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَلَيْكَ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يٰۤاِبْلِيْسُ	: ابلیس (شیطان کا نام ہے)۔	اللَّعْنَةَ	: لعنت، لعین، ملعون۔
لِبَشَرٍ	: بشر، بشری تقاضا۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
خَلَقْتَهٗ	: خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔	يَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	رَبِّ	: رب، ربوبیت، رب کائنات۔
فَاخْرُجْ	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔		

اَنْ	يَّكُوْنَ	مَعَ السّٰجِدِيْنَ (31)	قَالَ
کہ	وہ ہو	سجدہ کرنے والوں کے ساتھ	کہا (اللہ نے)

يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا	لَكَ	اَلَّا [1]	تَكُوْنَ
اے ابلیس!	کیا	تیرے لیے	کہ نہیں	تو ہوا

مَعَ السّٰجِدِيْنَ (32)	قَالَ	لَمْ	اَكُنْ	لِّاَسْجُدَ
سجدہ کرنے والوں کے ساتھ	کہا (ابلیس نے)	نہیں	میں ہوں	کہ میں سجدہ کروں

لِبَشَرٍ [2][3]	خَلَقْتَهٗ	مِنْ صَلْصَالٍ	مِّنْ حَمَاٍ
کسی انسان کو	تو نے پیدا کیا اُسے	بجنے والی مٹی سے	گارے سے

مَّسْنُوْنٍ (33)	قَالَ	فَاخْرُجْ [4]	مِنْهَا	فَاِنَّكَ
سڑے ہوئے	کہا (اللہ نے)	پس تو نکل جا	اس سے	پس بے شک تو

رَجِيْمٌ (34)	وَّ	اِنَّ	عَلَيْكَ	اللَّعْنَةَ [5]
مردود	اور	بے شک	تجھ پر	لعنت ہے

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ (35)	قَالَ	رَبِّ [6]	فَاَنْظِرْنِيْٓ [7]
قیامت کے دن تک	کہا (ابلیس نے)	اے میرے رب!	پھر مہلت دے مجھے

ضروری وضاحت

(1) اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔ (2) ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (3) لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے بھی ہوتا ہے۔ (4) فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ (5) ۃ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (6) یہ دراصل یَارَبِّیْ تھا، شروع سے یا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گرا دی گئی ہے، اسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ (7) اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔

اِلٰى يَوۡمِ يُبۡعَثُوۡنَ ﴿36﴾	(اس) دن تک (کہ جب) وہ اٹھائے جائیں گے۔ ﴿36﴾
قَالَ فَاِنَّكَ	فرمایا (اللہ نے) تو بے شک تو
مِنَ الۡمُنۡظَرِيۡنَ ﴿37﴾	مہلت دیے جانے والوں میں سے ہے۔ ﴿37﴾
اِلٰى يَوۡمِ الۡوَقۡتِ الۡمَعۡلُوۡمِ ﴿38﴾	مقرر وقت کے دن (یعنی قیامت) تک۔ ﴿38﴾
قَالَ رَبِّ بِمَاۤ	کہا (ابلیس نے) اے میرے رب اس وجہ سے جو
اَغۡوَيۡتَنِىۡ لَاُزَيِّنَنَّ	تو نے گمراہ کیا ہے مجھے ضرور بالضرور میں مزین کرونگا
لَهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ	ان کے لیے زمین میں
وَلَاُغۡوِيَنَّهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿39﴾	اور ضرور بالضرور میں گمراہ کروں گا ان سب کو۔ ﴿39﴾
اِلَّا عِبَادَكَ مِنۡهُمُ	سوائے تیرے ان بندوں کے ان میں سے
الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿40﴾ قَالَ	(جو) خالص کیے ہوئے ہیں۔ ﴿40﴾ فرمایا (اللہ نے)
هٰذَا صِرَاطٌ عَلَىَّ مُسۡتَقِيۡمٌ ﴿41﴾	یہی راستہ ہے (جو) مجھ تک (پہنچتا ہے) سیدھا۔ ﴿41﴾
اِنَّ عِبَادِىۡ لَيۡسَ لَكَ عَلَيۡهِمۡ سُلۡطٰنٌ	بے شک میرے بندے نہیں تیرا ان پر کوئی زور

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الۡوَقۡتِ : وقت، اوقات۔
الۡمَعۡلُوۡمِ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
بِمَاۤ : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
اَغۡوَيۡتَنِىۡ : اغوا برائے تاوان، مغوی۔
لَاُزَيِّنَنَّ : مزین، تزئین وآرائش۔
فِى : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الۡاَرۡضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

اَجۡمَعِيۡنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت۔
عِبَادَكَ : عبد، عبادت، معبود، عبداللہ۔
الۡمُخۡلَصِيۡنَ : خالص، مخلص، اخلاص، خلوص۔
هٰذَا : ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
صِرَاطٌ : صراط مستقیم، پل صراط۔
عَلَىَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مُسۡتَقِيۡمٌ : استقامت، خطِ مستقیم۔
سُلۡطٰنٌ : سلطانی گواہ، سلطنت، سلطان۔

اِلٰى يَوۡمِ	يُبۡعَثُوۡنَ ❶ (36)	قَالَ	فَاِنَّكَ
(اس) دن تک	وہ سب اٹھائے جائیں گے	فرمایا (اللہ نے)	پس بے شک تو

مِنَ الۡمُنۡظَرِيۡنَ ❷ (37)	اِلٰى يَوۡمِ الۡوَقۡتِ	الۡمَعۡلُوۡمِ (38)	قَالَ
مہلت دیے جانے والوں میں سے	وقت کے دن تک	مقرر کیا ہوا	کہا

رَبِّ ❸	بِمَاۤ	اَغۡوَيۡتَنِيۡ ❹	لَاُزَيِّنَنَّ ❺
اے میرے رب!	اس وجہ سے جو	تو نے گمراہ کیا ہے مجھے	ضرور بالضرور میں مزین کرونگا

لَهُمۡ	فِى الۡاَرۡضِ	وَ	لَاُغۡوِيَنَّهُمۡ ❺	اَجۡمَعِيۡنَ (39)
اُن کے لیے	زمین میں	اور	ضرور بالضرور میں گمراہ کروں گا اُنہیں	تمام کے تمام

اِلَّا	عِبَادَكَ	مِنۡهُمُ	الۡمُخۡلَصِيۡنَ ❷ (40)	قَالَ
سوائے	تیرے بندے	ان میں سے	سب خالص کیے ہوئے	کہا (اللہ نے)

هٰذَا	صِرَاطٌ	عَلَىَّ ❻	مُسۡتَقِيۡمٌ (41)	اِنَّ
یہ	راستہ	مجھ تک	سیدھا	بے شک

عِبَادِىۡ	لَيۡسَ	لَكَ	عَلَيۡهِمۡ	سُلۡطٰنٌ ❼
میرے بندے	نہیں	تیرے لیے	ان پر	کوئی زور

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں یُ اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ❷ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ یہ دراصل یَا رَبِّیۡ تھا، شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گرادی گئی ہے۔ ❹ اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ ❺ شروع میں لَ اور آخر میں نَّ تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❻ عَلَیَّ دراصل عَلٰی + یْ کا مجموعہ ہے۔ ❼ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ — مگر جو پیچھے چلے تیرے

مِنَ الْغٰوِیْنَ ﴿42﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ — گمراہوں میں سے۔ ﴿42﴾ اور بیشک جہنم

لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿43﴾ — یقیناً ان سب کے وعدے کی جگہ ہے۔ ﴿43﴾

لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ — اسکے سات دروازے ہیں، ہر دروازے کا

مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿44﴾ — ان میں سے ایک حصہ ہے تقسیم کیا ہوا۔ ﴿44﴾ ع 3 19 3

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿45﴾ — بیشک متقی لوگ باغات اور چشموں میں ہونگے۔ ﴿45﴾

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ — (ان سے کہا جائے گا) داخل ہو جاؤ اس میں سلامتی کیساتھ

اٰمِنِیْنَ ﴿46﴾ وَنَزَعْنَا — بے خوف ہو کر۔ ﴿46﴾ اور ہم نکال دیں گے

مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ — جو ان کے سینوں میں ہو گی کوئی کدورت،

اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿47﴾ — بھائی بھائی (بن کر) تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے) ہونگے۔ ﴿47﴾

لَا یَمَسُّهُمْ فِیْهَا نَصَبٌ — نہیں پہنچے گی انہیں اس میں کوئی تکلیف

وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِیْنَ ﴿48﴾ — اور نہ وہ اس سے ہرگز نکالے جائیں گے۔ ﴿48﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّبَعَكَ : اتباع، تابع، متبع سنت۔
الْغٰوِیْنَ : اغوا برائے تاوان، مغوی۔
لَمَوْعِدُهُمْ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
سَبْعَةُ : قرأت سبعہ وعشرہ، اُسبوعی اجلاس۔
جُزْءٌ : جز، اجزا، جزئیات، جزوی طور پر۔
مَّقْسُوْمٌ : قسم کھانا، قسمیں۔
الْمُتَّقِیْنَ : تقویٰ، متقی۔
اُدْخُلُوْهَا : داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔

بِسَلٰمٍ : سلام، سلامت، سلامتی۔
اٰمِنِیْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
نَزَعْنَا : نزع، حالت نزع۔
صُدُوْرِهِمْ : صدر، صدر مقام، صدری۔
اِخْوَانًا : اخوت، مواخات۔
مُّتَقٰبِلِیْنَ : تقابل، تقابلی جائزہ، بالمقابل۔
یَمَسُّهُمْ : مس، مساس۔
بِمُخْرَجِیْنَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔

اِلَّا	مَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ الْغٰوِيْنَ (42)	وَاِنَّ	جَهَنَّمَ
مگر	جو	پیچھے چلے تیرے	گمراہوں میں سے	اور بیشک	جہنم

لَمَوْعِدُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ (43) قف	لَهَا	سَبْعَةُ ❶	اَبْوَابٍ ط
یقیناً ان کے وعدے کی جگہ	تمام کے تمام	اس کے	سات	دروازے

لِكُلِّ بَابٍ ❷	مِّنْهُمْ	جُزْءٌ ❸	مَّقْسُوْمٌ (44) ع	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ
ہر دروازے کا	ان میں سے	ایک حصہ	تقسیم کیا ہوا	بیشک	سب پرہیزگار لوگ

ع 3 19 3

فِيْ جَنّٰتٍ ❹	وَّعُيُوْنٍ (45)	اُدْخُلُوْهَا ❺	بِسَلٰمٍ	اٰمِنِيْنَ (46)
باغات میں	اور چشموں	تم سب داخل ہوجاؤ اس میں	سلامتی کیساتھ	سب بے خوف ہوکر

وَ	نَزَعْنَا	مَا	فِيْ صُدُوْرِهِمْ	مِّنْ غِلٍّ ❸
اور	ہم نکال دیں گے	جو	ان کے سینوں میں	کسی کدورت سے

اِخْوَانًا	عَلٰى سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ (47)	لَا	يَمَسُّهُمْ
بھائی بھائی (بن کر)	تختوں پر	سب آمنے سامنے	نہیں	وہ پہنچے گی اُنہیں

فِيْهَا	نَصَبٌ ❸	وَّمَا	هُمْ	مِّنْهَا	بِمُخْرَجِيْنَ ❻ (48)
اس میں	کوئی تکلیف	اور نہ	وہ	اس سے	ہرگز سب نکالے جانے والے

ضروری وضاحت

❶ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ لِ کا اسم کے ساتھ ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی ترجمہ کو کیا جاتا ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ایک، کسی یا کوئی کیا گیا ہے۔ ❹ ات جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ❺ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آرہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔

نَبِّئۡ عِبَادِيۡۤ اَنِّيۡۤ اَنَا	خبر دے دو میرے بندوں کو کہ بیشک میں ہی
الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُ ۙ﴿49﴾	بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہوں ۔﴿49﴾
وَاَنَّ عَذَابِيۡ هُوَ الۡعَذَابُ الۡاَ لِيۡمُ ﴿50﴾	اور بیشک میرا عذاب ہی دردناک عذاب ہے۔﴿50﴾
وَنَبِّئۡهُمۡ	اور خبر دے دیجیے انہیں
عَنۡ ضَيۡفِ اِبۡرٰهِيۡمَ ۘ﴿51﴾	ابراہیم کے مہمانوں کے بارے میں ۔﴿51﴾
اِذۡ دَخَلُوۡا عَلَيۡهِ	جب وہ داخل ہوئے اس پر
فَقَالُوۡا سَلٰمًا ؕ قَالَ	تو انہوں نے کہا سلام، اس (ابراہیم) نے کہا
اِنَّا مِنۡكُمۡ وَجِلُوۡنَ ﴿52﴾	بیشک ہم تم سے ڈرنے والے ہیں ۔﴿52﴾
قَالُوۡا لَا تَوۡجَلۡ اِنَّا نُبَشِّرُكَ	انہوں نے کہا مت ڈر بیشک ہم خوشخبری دیتے ہیں آپکو
بِغُلٰمٍ عَلِيۡمٍ ﴿53﴾	ایک بہت علم رکھنے والے لڑکے کی ۔﴿53﴾
قَالَ اَبَشَّرۡتُمُوۡنِيۡ	اس نے کہا کیا تم نے خوشخبری دی ہے مجھے
عَلٰٓى اَنۡ مَّسَّنِىَ الۡكِبَرُ	(اس حالت) پر کہ آ پہنچا مجھے بڑھاپا

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَبِّئۡ	: نبی، انبیاء، نبوت۔	عَلَيۡهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
عِبَادِيۡۤ	: عبادت، عابد، معبود۔	فَقَالُوۡا	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
الۡغَفُوۡرُ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔	سَلٰمًا	: سلام، سلامت، سلامتی۔
الرَّحِيۡمُ	: رحمت، رحم، مرحوم۔	مِنۡكُمۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
عَذَابِيۡ	: عذاب، عذاب آخرت۔	نُبَشِّرُكَ	: بشارت، مبشر، بشیر۔
الۡاَ لِيۡمُ	: الم ناک حادثہ، عذاب الیم۔	عَلِيۡمٍ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
ضَيۡفِ	: ضیافت، دارالضیافة۔	مَّسَّنِىَ	: مس، مساس۔
دَخَلُوۡا	: داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔	الۡكِبَرُ	: کبیر، اکبر، کبار۔

نَبِّئۡ	عِبَادِیۡۤ	اَنِّیۡۤ	اَنَا الۡغَفُوۡرُ ❶❷	الرَّحِیۡمُ ❷ (49)
تو خبر دے	میرے بندوں کو	کہ بیشک میں	میں ہی بے حد بخشنے والا	نہایت رحم والا

وَ	اَنَّ	عَذَابِیۡ	هُوَ الۡعَذَابُ ❶	الۡاَلِیۡمُ (50)
اور	بیشک	میرا عذاب	ہی عذاب ہے	دردناک

وَ	نَبِّئۡهُمۡ	عَنۡ ضَیۡفِ اِبۡرٰهِیۡمَ (51)	اِذۡ
اور	خبر دے دیجیے اُنہیں	ابراہیم کے مہمانوں کے بارے میں	جب

دَخَلُوۡا	عَلَیۡهِ	فَقَالُوۡا	سَلٰمًا ط	قَالَ
وہ سب داخل ہوئے	اس پر	تو انہوں نے کہا	سلام	اس نے کہا

اِنَّا ❸	مِنۡكُمۡ	وَجِلُوۡنَ (52)	قَالُوۡا	لَا تَوۡجَلۡ ❹
بیشک ہم	تم سے	سب ڈرنے والے	انہوں نے کہا	تو مت ڈر

اِنَّا ❸	نُبَشِّرُكَ	بِغُلٰمٍ ❺	عَلِیۡمٍ ❷ (53)	قَالَ
بیشک ہم	ہم خوشخبری دیتے ہیں آپکو	ایک لڑکے کی	بہت علم رکھنے والا	اس نے کہا

اَ	بَشَّرۡتُمُوۡنِیۡ ❻❼	عَلٰۤی	اَنۡ	مَّسَّنِیَ ❼	الۡكِبَرُ
کیا	تم خوشخبری دیتے ہو مجھے	(اس) پر	کہ	آ پہنچا مجھے	بڑھاپا

وقف لازم

ضروری وضاحت

❶ اَنَا یا هُوَ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔
❸ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❺ ڈبل حرکت میں
اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❻ تُمۡ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمۡ اور اس کے
درمیان وۡ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ❼ اگر فعل کے آخر میں یۡ آئے تو فعل اور اس یۡ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔

فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿54﴾ — توکس بات کی تم خوش خبری دیتے ہو۔ ﴿54﴾

قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ — انہوں نے کہا ہم نے خوشخبری دی آپ کو حق کی

فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿55﴾ — سو نہ ہو تو نا اُمید ہونے والوں میں سے۔ ﴿55﴾

قَالَ وَ مَنْ يَّقْنَطُ — کہا (ابراہیم نے) اور کون نا اُمید ہوتا ہے

مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿56﴾ — اپنے رب کی رحمت سے سوائے گمراہوں کے۔ ﴿56﴾

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ — اس (ابراہیم) نے کہا تو کیا معاملہ ہے تمہارا

اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿57﴾ — اے بھیجے جانے والو (فرشتو)۔ ﴿57﴾

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ — انہوں نے کہا بے شک ہم بھیجے گئے ہیں

اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿58﴾ — مجرم قوم کی طرف۔ ﴿58﴾

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ — سوائے لوط کے گھر والوں کے

اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿59﴾ — یقیناً ہم ضرور بچانے والے ہیں ان سب کو۔ ﴿59﴾

اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ — مگر اس کی عورت (کہ) ہم نے طے کر دیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُبَشِّرُوْنَ : بشارت، مبشر، بشیر۔

قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

بِالْحَقِّ : حق و باطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔

مِّنَ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔

رَّحْمَةِ : رحمت، رحم، مرحوم۔

اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔

الضَّآلُّوْنَ : ضلالت و گمراہی۔

الْمُرْسَلُوْنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔

اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

قَوْمٍ : قوم، اقوام، قومیت۔

مُّجْرِمِيْنَ : جرم، مجرم، جرائم۔

اٰلَ : آل و اولاد، آل رسول۔

لَمُنَجُّوْهُمْ : نجات دہندہ، فرقہ ناجیہ۔

اَجْمَعِيْنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت۔

قَدَّرْنَآ : مقدار، بقدرِ ضرورت۔

فَبِمَ ❶❷	تُبَشِّرُوْنَ (54)	قَالُوْا	بَشَّرْنٰكَ	بِالْحَقِّ ❷
توکس بات کی	تم سب خوشخبری دیتے ہو	انہوں نے کہا	ہم نے خوشخبری دی آپ کو	حق کی

فَلَا	تَكُنْ ❸	مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ (55)	قَالَ	وَ مَنْ
سو نہ	تو ہو	نا اُمید ہونے والوں میں سے	کہا (ابراہیم نے)	اور کون

يَّقْنَطُ	مِنْ رَّحْمَةِ ❹	رَبِّهٖٓ	اِلَّا	الضَّآلُّوْنَ (56)
وہ نا اُمید ہوتا ہے	رحمت سے	اپنے رب کی	سوائے	گمراہوں کے

قَالَ	فَمَا	خَطْبُكُمْ	اَيُّهَا	الْمُرْسَلُوْنَ (57) ❺
اس نے کہا	تو کیا	تمہارا معاملہ	اے	سب بھیجے جانے والو (فرشتو)

قَالُوْٓا	اِنَّآ	اُرْسِلْنَآ	اِلٰى قَوْمٍ	مُّجْرِمِيْنَ ❺ (58) لا
انہوں نے کہا	بے شک ہم	ہم بھیجے گئے ہیں	قوم کی طرف	سب جرم کرنے والے

اِلَّآ	اٰلَ	لُوْطٍ ط	اِنَّا	لَمُنَجُّوْهُمْ ❻
سوائے	گھر والے	لوط کے	یقیناً ہم	ضرور بچانے والے ہیں ان کو

اَجْمَعِيْنَ (59) لا	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	قَدَّرْنَآ لا
تمام کے تمام	مگر	اس کی عورت (کہ)	ہم نے طے کر دیا

ضروری وضاحت

❶ یہ اصل میں فَبِمَا تھا تخفیف کے لیے اس کے آخر سے الف گرا ہوا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ❸ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لانی ہو تو اس کے آخر سے ا کو گرا دیتے ہیں۔

ع 16/4 4

اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿60﴾	کہ بیشک وہ یقیناً پیچھے رہنے والوں میں سے ہے۔ ﴿60﴾
فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ	پھر جب آئے لوط کے گھر والوں کے پاس
الْمُرْسَلُوْنَ ﴿61﴾	بھیجے ہوئے (فرشتے)۔ ﴿61﴾
قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿62﴾	(لوط نے) کہا بے شک تم اجنبی لوگ ہو۔ ﴿62﴾
قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ	انہوں نے کہا بلکہ ہم لے کر آئے ہیں آپکے پاس
بِمَا كَانُوْا	اس (عذاب) کو جو (کہ) وہ تھے
فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿63﴾	اس میں شک کیا کرتے۔ ﴿63﴾
وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ	اور ہم آئے ہیں آپ کے پاس حق لے کر
وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿64﴾	اور بے شک ہم یقیناً سچے ہیں۔ ﴿64﴾
فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ	تو لے چل اپنے گھر والوں کو رات کے کسی حصے میں
وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ	اور (خود) چل ان کے پیچھے پیچھے
وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ	اور نہ مڑ کر دیکھے تم میں سے کوئی ایک

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَمِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	بِالْحَقِّ	: حق و باطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔
اٰلَ	: آل واولاد، آل رسول۔	لَصٰدِقُوْنَ	: صداقت، صدق وصفا، صادق وامین۔
الْمُرْسَلُوْنَ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	بِاَهْلِكَ	: اہل وعیال، اہل خانہ، اہلیہ۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	بِقِطْعٍ	: قطعہ اراضی۔
قَوْمٌ	: قوم، اقوام، قومیت۔	الَّيْلِ	: لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
مُّنْكَرُوْنَ	: منکر، منکرات، انکار۔	اتَّبِعْ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
بَلْ	: بلکہ	يَلْتَفِتْ	: نظر التفات۔
بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	اَحَدٌ	: واحد، احد، موحد، توحید۔

ع 4 16 4

اِنَّهَا	لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ (60)	فَلَمَّا	جَآءَ
کہ بیشک وہ	یقیناً پیچھے رہنے والوں میں سے	پھر جب	وہ آئے

اٰلَ لُوْطِ ِۨ	الْمُرْسَلُوْنَ (61) ❶ لا	قَالَ	اِنَّكُمْ
لوط کے گھر والوں کے پاس	سب بھیجے ہوئے (فرشتے)	کہا	بے شک تم

قَوْمٌ	مُّنْكَرُوْنَ (62)	قَالُوْا	بَلْ	جِئْنٰكَ
لوگ	اجنبی	انہوں نے کہا	بلکہ	لے کر آئے ہیں ہم آپ کے پاس

بِمَا ❷	كَانُوْا	فِيْهِ	يَمْتَرُوْنَ (63)	وَ
(اس) کو جو	وہ سب تھے	اس میں	وہ سب شک کیا کرتے	اور

اٰتَيْنٰكَ	بِالْحَقِّ ❷	وَ	اِنَّا ❸	لَصٰدِقُوْنَ ❹ (64)
ہم آئے ہیں آپ کے پاس	حق کے ساتھ	اور	بے شک ہم	یقیناً سب سچ بولنے والے

فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ ❷	بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ ❷❺	وَاتَّبِعْ
تو لے چل	اپنے گھر والوں کو	رات کے کسی حصے میں	اور تو (خود) چل

اَدْبَارَهُمْ	وَ	لَا يَلْتَفِتْ ❻	مِنْكُمْ	اَحَدٌ ❺
ان کے پیچھے پیچھے	اور	نہ وہ مڑ کر دیکھے	تم میں سے	کوئی ایک

ضروری وضاحت

❶ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❸ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❹ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَّامۡضُوۡا حَيۡثُ تُؤۡمَرُوۡنَ ﴿65﴾	اور چلے جاؤ جہاں تم حکم دیے جاتے ہو۔ ﴿65﴾
وَقَضَيۡنَاۤ اِلَيۡهِ ذٰلِكَ الۡاَمۡرَ	اور ہم نے فیصلہ کہلا بھیجا اس کی طرف اس بات کا
اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۤءِ	کہ بے شک ان لوگوں کی جڑ
مَقۡطُوۡعٌ مُّصۡبِحِيۡنَ ﴿66﴾	کاٹ دی جانے والی ہے صبح ہوتے ہی۔ ﴿66﴾
وَجَآءَ اَهۡلُ الۡمَدِيۡنَةِ	اور آئے شہر والے (اس حال میں کہ)
يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿67﴾	وہ بہت خوش ہو رہے تھے۔ ﴿67﴾
قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَاۤءِ ضَيۡفِىۡ	کہا (لوط نے) بے شک یہ میرے مہمان ہیں
فَلَا تَفۡضَحُوۡنِ ﴿68﴾	سو نہ تم ذلیل کرو مجھے۔ ﴿68﴾
وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخۡزُوۡنِ ﴿69﴾	اور اللہ سے ڈرو اور نہ رسوا کرو مجھے۔ ﴿69﴾
قَالُوۡۤا اَوَلَمۡ نَنۡهَكَ	انہوں نے کہا اور کیا ہم منع نہیں کر چکے تمہیں
عَنِ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿70﴾	سارے جہاں (کے لوگوں) سے۔ ﴿70﴾
قَالَ هٰٓؤُلَاۤءِ بَنٰتِىۡۤ	کہا (لوط نے) یہ میری بیٹیاں ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	لیل ونہار، عفو ودرگزر۔	يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ	بشارت، مبشر، بشیر۔
تُؤۡمَرُوۡنَ	امر، آمر، مامور، امارت۔	قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
قَضَيۡنَاۤ	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔	ضَيۡفِىۡ	ضیافت، دارلضیافہ۔
اِلَيۡهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	فَلَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
مَقۡطُوۡعٌ	قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع۔	اتَّقُوا	تقویٰ، متقی۔
مُّصۡبِحِيۡنَ	صبح، علی الصبح، صبح صادق۔	نَنۡهَكَ	منہیات، اوامر ونواہی۔
اَهۡلُ	اہل وعیال، اہل خانہ، اہلیہ۔	الۡعٰلَمِيۡنَ	عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
الۡمَدِيۡنَةِ	مدینہ، مدینۃ الاولیاء۔	بَنٰتِىۡۤ	بنت رسول، بنت الاسلام۔

وَّ	امْضُوْا ❶	حَيْثُ	تُؤْمَرُوْنَ ❷ (65)	وَ	قَضَيْنَآ
اور	تم سب چلے جاؤ	جہاں	تم سب حکم دیے جاتے ہو	اور	ہم نے فیصلہ کہلا بھیجا

اِلَيْهِ	ذٰلِكَ ❸	الْاَمْرَ	اَنَّ	دَابِرَ	هٰٓؤُلَآءِ
اس کی طرف	اس	بات کا	کہ بے شک	جڑ	ان سب کی

مَقْطُوْعٌ ❹	مُّصْبِحِيْنَ ❺ (66)	وَ جَآءَ	اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ ❻
کاٹ دی جانے والی	سب صبح کرنے والے	اور آئے	شہر والے

يَسْتَبْشِرُوْنَ (67)	قَالَ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	ضَيْفِيْ
وہ سب بہت خوش ہو رہے تھے	کہا	بے شک	یہ سب	میرے مہمان

فَلَا	تَفْضَحُوْنِ ❼ (68) لا	وَ اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ
سو نہ	تم سب ذلیل کرو مجھے	اور تم سب ڈرو	اللہ سے	اور

لَا	تُخْزُوْنِ ❼ (69)	قَالُوْٓا	اَوَ	لَمْ	نَنْهَكَ
نہ	تم سب رسوا کرو مجھے	انہوں نے کہا	اور کیا	نہیں	ہم منع کر چکے تمہیں

عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (70)	قَالَ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنٰتِيْٓ
سارے جہاں سے	کہا	یہ سب	میری بیٹیاں

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❹ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ ة مؤنث کی علامت ہے۔ ❼ دراصل یہاں آخر سے یْ گری ہوئی ہے جس کا ترجمہ مجھے کیا گیا ہے۔

اِنۡ كُنۡتُمۡ فٰعِلِيۡنَ ؕ ﴿71﴾	اگر ہو تم (ایسا) کرنے والے۔ ﴿71﴾
لَعَمۡرُكَ اِنَّهُمۡ	تیری عمر کی قسم! بے شک وہ
لَفِىۡ سَكۡرَتِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ﴿72﴾	یقیناً اپنی مستی میں دیوانے ہو رہے تھے۔ ﴿72﴾
فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُشۡرِقِيۡنَ ﴿73﴾	پس پکڑ لیا ان کو چیخ نے سورج نکلتے ہی۔ ﴿73﴾
فَجَعَلۡنَا عَالِيَهَا	تو ہم نے کر دیا اس کے اوپر کے حصے کو
سَافِلَهَا وَاَمۡطَرۡنَا	اس کے نیچے کا حصہ اور ہم نے بارش برسا دی
عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ؕ ﴿74﴾	ان پر کھنگر کے پتھروں کی۔ ﴿74﴾
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ﴿75﴾	گہری نظر سے جائزہ لینے والوں کے لیے۔ ﴿75﴾
وَاِنَّهَا لَبِسَبِيۡلٍ مُّقِيۡمٍ ﴿76﴾	اور بیشک وہ (بستی) یقیناً قائم و دائم راستے پر ہے۔ ﴿76﴾
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ؕ ﴿77﴾	بیشک یقیناً اس میں نشانی ہے ایمان والوں کے لیے۔ ﴿77﴾
وَاِنۡ كَانَ اَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ لَظٰلِمِيۡنَ ۙ ﴿78﴾	اور بیشک تھے ایکہ (جنگل) والے بھی یقیناً ظالم۔ ﴿78﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فٰعِلِيۡنَ	فعل، فاعل، مفعول۔	حِجَارَةً	حجر اسود، شجر و حجر۔
لَعَمۡرُكَ	عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔	مِّنۡ	منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
لَفِىۡ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	لَاٰيٰتٍ	آیت، آیات قرآنی۔
فَاَخَذَتۡهُمُ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	لَبِسَبِيۡلٍ	اللہ کوئی سبیل نکالے گا، فی سبیل اللہ۔
مُشۡرِقِيۡنَ	مشرق و مغرب، شرقی جانب۔	مُّقِيۡمٍ	قائم دائم، استقامت، مقیم۔
عَالِيَهَا	عالی شان، جناب عالی، اللہ تعالیٰ۔	لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ	امن، ایمان، مومن۔
سَافِلَهَا	سفلی علم، سفلہ پن۔	اَصۡحٰبُ	صاحب، صحابی، صحابہ کرام، اصحاب۔
عَلَيۡهِمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لَظٰلِمِيۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

اِنْ	كُنْتُمْ	فٰعِلِيْنَ ❶ ﴿71﴾ ط	لَعَمْرُكَ	اِنَّهُمْ
اگر	تم ہو	سب کرنے والے	تیری عمر کی قسم!	بے شک وہ

لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ ❷	يَعْمَهُوْنَ ﴿72﴾	فَاَخَذَتْهُمُ ❸	الصَّيْحَةُ ❸
یقیناً اپنی مستی میں	وہ سب دیوانے ہو رہے تھے	پس پکڑ لیا ان کو	چیخ

مُشْرِقِيْنَ ❹ ﴿73﴾	فَجَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَ
سورج نکلتے ہی	تو ہم نے کر دیا	اس کے اوپر کے حصے کو	اس کے نیچے کا حصہ	اور

اَمْطَرْنَا ❺	عَلَيْهِمْ	حِجَارَةً ❸	مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿74﴾ ط	اِنَّ
ہم نے بارش برسا دی	ان پر	پتھر	کھنگر سے	بے شک

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ ❸	لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ❻ ﴿75﴾	وَاِنَّهَا	لَبِسَبِيْلٍ
اس میں	یقیناً نشانیاں	گہری نظر سے جائزہ لینے والوں کے لیے	اور بیشک وہ	یقیناً راستے پر

مُّقِيْمٍ ﴿76﴾	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً ❸	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ❻ ﴿77﴾ ط
قائم ودائم	بیشک	اس میں	یقیناً نشانی	تمام ایمان لانے والوں کے لیے

وَ	اِنْ ❼	كَانَ	اَصْحٰبُ	الْاَيْكَةِ ❸	لَظٰلِمِيْنَ ❶ ﴿78﴾ لا
اور	بیشک	تھے	والے	ایکہ (جنگل)	یقیناً سب ظلم کرنے والے

وقف لازم

ضروری وضاحت

❶ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ هُمْ کبھی پڑھنے میں آسانی کے لیے هِمْ بھی ہوجاتا ہے۔ ❸ ـتْ، ـةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❻ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ دراصل یہ اِنَّ تھا تخفیف کے لیے اِنْ کیا گیا ہے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ	تو ہم نے انتقام لیا ان سے
وَاِنَّهُمَا	اور بیشک یہ دونوں (شہر یا بستیاں)
لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿79﴾ ؏ 5 19 5	یقیناً کھلے (عام) راستے پر ہیں۔ ﴿79﴾
وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ	اور بلاشبہ یقیناً جھٹلایا حجر والوں نے
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿80﴾ ۙ وَاٰتَيْنٰهُمْ	رسولوں کو۔ ﴿80﴾ اور ہم نے دیں انہیں
اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿81﴾ ۙ	اپنی نشانیاں تو تھے وہ ان سے منہ پھیرنے والے۔ ﴿81﴾
وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ	اور تھے وہ تراشا کرتے
مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿82﴾	پہاڑوں سے گھر بے خوف ہو کر۔ ﴿82﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿83﴾ ۙ	تو پکڑ لیا انہیں چیخ نے صبح ہوتے ہی۔ ﴿83﴾
فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ	پھر نہ کام آیا ان کے
مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿84﴾ ؕ	جو تھے وہ کمایا کرتے۔ ﴿84﴾
وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	اور نہیں ہم نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَانْتَقَمْنَا : انتقام، منتقم المزاج، انتقامی کارروائی۔
مُّبِيْنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
كَذَّبَ : کذب بیانی، کاذب، تکذیب۔
اَصْحٰبُ : صاحب، صحابی، صحابہ کرام، اصحاب۔
الْمُرْسَلِيْنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
اٰيٰتِنَا : آیت، آیات قرآنی۔
مُعْرِضِيْنَ : اعراض کرنا۔
الْجِبَالِ : جبل اُحد، جبل رحمت۔

بُيُوْتًا : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔
اٰمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
فَاَخَذَتْهُمُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
مُصْبِحِيْنَ : صبح، علی الصبح، صبح صادق۔
يَكْسِبُوْنَ : کسب حلال، کسبی۔
خَلَقْنَا : خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض و سما۔
الْاَرْضَ : ارض و سما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

ع 19 5 5

فَانْتَقَمْنَا ❶	مِنْهُمْ	وَ	اِنَّهُمَا	لَبِاِمَامٍ ❷	مُّبِيْنٍ ﴿79﴾
تو ہم نے انتقام لیا	ان سے	اور	بیشک یہ دونوں	یقیناً راستے پر	کھلے (عام)

وَ	لَقَدْ	كَذَّبَ	اَصْحٰبُ الْحِجْرِ	الْمُرْسَلِيْنَ ❸ ﴿80﴾
اور	بلاشبہ یقیناً	جھٹلایا	حجر والے	بھیجے ہوئے سب رسول

وَ	اٰتَيْنٰهُمْ ❶	اٰيٰتِنَا	فَكَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ ❹ ﴿81﴾
اور	ہم نے دیں اُنہیں	اپنی نشانیاں	تو تھے وہ سب	ان سے	سب منہ پھیرنے والے

وَ	كَانُوْا	يَنْحِتُوْنَ	مِنَ الْجِبَالِ	بُيُوْتًا
اور	وہ سب تھے	وہ سب تراشا کرتے	پہاڑوں سے	گھر

اٰمِنِيْنَ ﴿82﴾	فَاَخَذَتْهُمُ ❺	الصَّيْحَةُ ❺	مُصْبِحِيْنَ ❹ ﴿83﴾
سب بے خوف ہو کر	تو پکڑ لیا اُنہیں	چیخ	سب کے صبح کرتے ہوئے

فَمَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ❻ ﴿84﴾
پھر نہ	کام آیا	ان سے	جو	تھے وہ سب کمایا کرتے

وَ	مَا	خَلَقْنَا ❶	السَّمٰوٰتِ ❺	وَ	الْاَرْضَ
اور	نہیں	ہم نے پیدا کیا	آسمانوں	اور	زمین

ضروری وضاحت

❶ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❸ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ۃ، تْ اور اٰت مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ وْا اور وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ	اور جو ان دونوں کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ
وَ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ	اور بے شک قیامت یقیناً آنے والی ہے
فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿85﴾	پس آپ درگزر کریں اچھے انداز میں درگزر کرنا۔ ﴿85﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ	بے شک تیرا رب ہی خوب پیدا کرنے والا
الْعَلِيْمُ ﴿86﴾	سب کچھ جاننے والا ہے۔ ﴿86﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دے رکھی ہیں آپ کو
سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ	سات بار بار دہرائی جانے والی (آیات ہیں)
وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿87﴾	اور بہت عظمت والا قرآن (بھی)۔ ﴿87﴾
لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ	آپ ہرگز نہ اٹھائیں اپنی آنکھیں
اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ	اس کی طرف جو ہم نے فائدہ دیا اس سے
اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ	ان میں سے کئی قسم کے لوگوں کو اور نہ غم کریں ان پر
وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿88﴾	اور جھکا دیں اپنا بازو مومنوں کے لیے۔ ﴿88﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا	: ماحول، ماجرا، ماتحت۔	سَبْعًا	: قرأت سبعہ عشرہ، اُسبوعی اجلاس۔
بَيْنَهُمَآ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	مِّنَ	: منجانب، من حیث القوم، من وعن۔
اِلَّا	: الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	الْعَظِيْمَ	: عظیم، عظمت۔ معظم، تعظیم۔
بِالْحَقِّ	حق و باطل، حقیقت، حقیقی بھائی۔	عَيْنَيْكَ	: عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے۔
السَّاعَةَ	: ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔	مَتَّعْنَا	: متاع کارواں، مال و متاع۔
الْجَمِيْلَ	: حسن و جمال، جمیل۔	بِهٖٓ	: بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔
الْخَلّٰقُ	: خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔	تَحْزَنْ	: حزن و ملال، عام الحزن۔
الْعَلِيْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	: ایمان، مؤمن، امن۔

وَمَا	بَيْنَهُمَآ	اِلَّا	بِالْحَقِّ ط	وَاِنَّ	السَّاعَةَ ❶
اور جو	ان دونوں کے درمیان	مگر	حق کے ساتھ	اور بے شک	قیامت

لَاٰتِيَةٌ ❶	فَاصْفَحِ	الصَّفْحَ	الْجَمِيْلَ ﴿85﴾	اِنَّ
یقیناً آنے والی	پس آپ درگزر کریں	درگزر کرنا	اچھا (انداز)	بیشک

رَبَّكَ	هُوَ الْخَلّٰقُ ❷❸	الْعَلِيْمُ ❸ ﴿86﴾	وَ	لَقَدْ
تیرا رب	وہی خوب پیدا کرنے والا ہے	سب کچھ جاننے والا	اور	بلاشبہ یقیناً

اٰتَيْنٰكَ	سَبْعًا	مِّنَ الْمَثَانِيْ	وَالْقُرْاٰنَ
اِلَيۡهِمۡ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يَاۡخُذَهُمۡ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	بِمُعۡجِزِيۡنَ	عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔
يَتَفَكَّرُوۡنَ	فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔	عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اَفَاَمِنَ	امن، ایمان، مؤمن۔	تَخَوُّفٍ	خوف، خائف۔
مَكَرُوا	مکروفریب، مکار۔	رَّحِيۡمٌ	رحمت، رحم، مرحوم۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

لِتُبَيِّنَ ❶	لِلنَّاسِ	مَا	نُزِّلَ	اِلَيْهِمْ
تاکہ آپ بیان کریں	لوگوں کے لیے	جو	نازل کیا گیا	ان کی طرف

وَ	لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ❷ (44)	اَفَاَمِنَ ❸	الَّذِيْنَ
اور	تاکہ وہ سب غور وفکر کریں	تو کیا بے خوف ہو گئے ہیں	وہ لوگ جن

مَكَرُوا	السَّيِّاٰتِ ❹	اَنْ	يَّخْسِفَ	اللّٰهُ	بِهِمُ
سب نے تدبیریں کیں	بری	کہ	وہ دھنسا دے	اللہ	ان کو

الْاَرْضَ	اَوْ	يَاْتِيَهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَشْعُرُوْنَ (45) لا
زمین میں	یا	وہ آجائے ان پر	عذاب	جہاں سے	وہ سب سوچتے ہی نہ ہوں

اَوْ	يَاْخُذَهُمْ	فِيْ تَقَلُّبِهِمْ	فَمَا	هُمْ
یا	وہ پکڑ لے انہیں	ان کے چلنے پھرنے میں	سو نہیں	وہ

بِمُعْجِزِيْنَ ❺❻ (46) لا	اَوْ	يَاْخُذَهُمْ	عَلٰى تَخَوُّفٍ ط
سب ہرگز عاجز کرنے والے	یا	وہ پکڑ لے اُنہیں	خوف زدہ ہونے پر

فَاِنَّ	رَبَّكُمْ	لَرَءُوْفٌ ❼	رَّحِيْمٌ ❼ (47)
پس بے شک	تمہارا رب	یقیناً بہت شفقت کرنیوالا	بڑا مہربان ہے

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❷ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❸ علامت اَ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ بِ سے پہلے اگر مَا آرہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی البتہ جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔ ❻ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا	اور کیا نہیں انہوں نے دیکھا (اس کو) جو
خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ	اللہ نے پیدا کیا کوئی بھی چیز ہو
يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ	(کہ) جھکتا ہے اس کا سایہ دائیں طرف سے
وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ	اور بائیں (طرف سے) سجدہ کرتے ہوئے اللہ کو
وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿48﴾	اس حال میں کہ وہ عاجز ہیں۔ ﴿48﴾
وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا	اور اللہ ہی کو سجدہ کرتی ہے جو (کچھ)
فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ	آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے
مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ	کوئی بھی چلنے والا (جانور) ہو اور فرشتے (بھی)
وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿49﴾	اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ ﴿49﴾
يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ	وہ ڈرتے ہیں اپنے رب سے (جو) ان کے اوپر ہے
وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿50﴾ السجدة	اور وہ کرتے ہیں جو وہ حکم دیے جاتے ہیں۔ ﴿50﴾ السجدة
وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا	اور اللہ نے کہا تم مت بناؤ

ع 6 10 12 السجدة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَرَوْا	: مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔
اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
خَلَقَ	: خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
ظِلٰلُهٗ	: ظل سبحانی، ظل ہما۔
الْيَمِيْنِ	: یمین و یسار، میمنہ و میسرہ۔
سُجَّدًا	: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
السَّمٰوٰتِ	: کتب سماویہ، ارض و سما۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
يَسْتَكْبِرُوْنَ	: تکبر، متکبر، تکبّرانہ انداز۔
يَخَافُوْنَ	: خوف، خائف۔
فَوْقِهِمْ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
يَفْعَلُوْنَ	: فعل، فاعل، مفعول۔
يُؤْمَرُوْنَ	: امر، آمر، مامور، امارت۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تَتَّخِذُوْٓا	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔

اَوَلَمۡ	يَرَوۡا ❶	اِلٰى	مَا	خَلَقَ اللّٰهُ	مِنۡ شَىۡءٍ ❷
اور کیا نہیں	انہوں نے دیکھا	(اسکی) طرف	جو	اللہ نے پیدا کیا	کسی چیز سے

يَّتَفَيَّؤُا	ظِلٰلُهٗ	عَنِ الۡيَمِيۡنِ	وَ	الشَّمَآئِلِ
وہ جھکتا ہے	اس کا سایہ	دائیں طرف سے	اور	بائیں

سُجَّدًا	لِّلّٰهِ	وَهُمۡ	دٰخِرُوۡنَ (48)	وَ	لِلّٰهِ
سجدہ کرتے ہوئے	اللہ کو	اس حال میں کہ وہ	سب عاجز ہیں	اور	اللہ کو

يَسۡجُدُ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ ❸	وَمَا	فِى الۡاَرۡضِ
وہ سجدہ کرتی ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں

مِنۡ دَآبَّةٍ ❷❸❹	وَّ	الۡمَلٰٓئِكَةُ ❺	وَهُمۡ	لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ❻ (49)
کوئی بھی چلنے والا ہو	اور	فرشتے (بھی)	اور وہ	نہیں وہ سب تکبر کرتے

يَخَافُوۡنَ	رَبَّهُمۡ	مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ ❹	وَ	يَفۡعَلُوۡنَ
وہ سب ڈرتے ہیں	اپنے رب سے	(جو) ان کے اوپر ہے	اور	وہ سب کرتے ہیں

ع 6 10 12

مَا	يُؤۡمَرُوۡنَ ❼ (50)	وَ	قَالَ	اللّٰهُ	لَا تَتَّخِذُوۡٓا
جو	وہ سب حکم دیے جاتے ہیں	اور	کہا	اللہ نے	تم سب مت بناؤ

ضروری وضاحت

❶ یَ کا ترجمہ وہ ہوتا ہے اور علامت لَمۡ کی موجودگی میں کبھی ترجمہ انہوں نے بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ ةَ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ یہاں مِنۡ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❼ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِلٰهَيۡنِ اثۡنَيۡنِ‌ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ‌ۚ — دو معبود یقیناً صرف وہ ایک معبود ہے

فَاِيَّاىَ فَارۡهَبُوۡنِ ﴿51﴾ — سو مجھ سے ہی پس ڈرو۔ ﴿51﴾

وَلَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ — اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

وَلَهُ الدِّيۡنُ وَاصِبًا‌ ؕ — اور اسی کی ہی اطاعت ہے ہمیشہ

اَفَغَيۡرَ اللّٰهِ تَتَّقُوۡنَ ﴿52﴾ — تو کیا اللہ کے علاوہ سے تم ڈرتے ہو۔ ﴿52﴾

وَمَا بِكُمۡ مِّنۡ نِّعۡمَةٍ — اور جو تمہارے پاس کوئی نعمت ہے

فَمِنَ اللّٰهِ‌ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ — تو (وہ) اللہ کی طرف سے ہے پھر جب پہنچے تمہیں

الضُّرُّ فَاِلَيۡهِ تَجۡــَٔرُوۡنَ‌ ﴿53﴾ — تکلیف تو اسی کی طرف تم آہ وزاری کرتے ہو۔ ﴿53﴾

ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنۡكُمۡ — پھر جب وہ دور کر دیتا ہے تم سے تکلیف کو

اِذَا فَرِيۡقٌ مِّنۡكُمۡ — (تو) اچانک ایک گروہ تم میں سے

بِرَبِّهِمۡ يُشۡرِكُوۡنَۙ ﴿54﴾ — اپنے رب کے ساتھ شریک بنانے لگتے ہیں۔ ﴿54﴾

لِيَكۡفُرُوۡا بِمَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ‌ ؕ — تاکہ وہ ناشکری کریں (اُن نعمتوں) کی جو ہم نے دی انہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰهَيۡنِ	الٰہ العالمین، الوہیت، اللہ۔	مِّنۡ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اثۡنَيۡنِ	ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔	نِّعۡمَةٍ	نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
وَّاحِدٌ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔	مَسَّكُمُ	مس، مساس۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	الضُّرُّ	مضرصحت، ضرررساں۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	فَاِلَيۡهِ	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
فِى	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	كَشَفَ	انکشاف، منکشف، مکاشفہ۔
تَتَّقُوۡنَ	تقوٰی، متقی۔	فَرِيۡقٌ	فریق، فریقین، تفریق۔
بِكُمۡ	بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	لِيَكۡفُرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ❶	اِنَّمَا ❷	هُوَ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	فَاِيَّايَ
دو معبود	یقیناً صرف	وہ	ایک معبود	پس صرف مجھ سے

فَارْهَبُوْنِ (51) ❸	وَ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❹	وَالْاَرْضِ
پس سب ڈرو مجھ سے	اور	اسی کا	جو	آسمانوں میں	اور زمین (میں)

وَ	لَهُ	الدِّيْنُ	وَاصِبًا	اَ	فَغَيْرَ اللّٰهِ	تَتَّقُوْنَ (52)
اور	اسی کی	اطاعت ہے	ہمیشہ	کیا	پس اللہ کے علاوہ	تم سب ڈرتے ہو

وَمَا	بِكُمْ ❺	مِّنْ نِّعْمَةٍ ❹❻	فَمِنَ اللّٰهِ	ثُمَّ اِذَا	مَسَّكُمُ
اور جو	تمہارے ساتھ (پاس)	کسی نعمت سے	تو (وہ) اللہ کی طرف سے	پھر جب	پہنچے تمہیں

الضُّرُّ	فَاِلَيْهِ	تَجْـَٔرُوْنَ (53)	ثُمَّ اِذَا	كَشَفَ
تکلیف	تو اسی کی طرف	تم سب آہ وزاری کرتے ہو	پھر جب	وہ دور کر دیتا ہے

الضُّرَّ ❼	عَنْكُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ ❻	مِّنْكُمْ	بِرَبِّهِمْ
تکلیف کو	تم سے	(تو) اچانک	ایک گروہ	تم میں سے	اپنے رب کیساتھ

يُشْرِكُوْنَ (54)	لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ ❺	اٰتَيْنٰهُمْ
وہ سب شریک بناتے ہیں	تا کہ وہ سب ناشکری کریں	(اُن) کی جو	ہم نے دی انہیں

ضروری وضاحت

❶ یْنِ اور اِثْنَيْنِ دونوں کا ترجمہ دو ہے اس لیے ملا کر ترجمہ کیا گیا ہے۔ ❷ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے ❸ یہ دراصل فَارْهَبُوْنِیْ تھا اسکے آخر سے یْ گر گئی ہے۔ ❹ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❼ اگر فعل کے بعد زبر والا اسم ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

فَتَمَتَّعُوۡا ۟ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿55﴾	سو تم فائدہ اٹھالو، پس عنقریب تم جان لوگے۔ ﴿55﴾
وَ يَجۡعَلُوۡنَ لِمَا	اور (مقرر) کرتے ہیں (ان معبودوں) کے لیے جن
لَا يَعۡلَمُوۡنَ نَصِيۡبًا	(کے بارے میں) وہ نہیں جانتے ایک حصہ
مِّمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ ؕ	اس میں سے جو ہم نے دیا انہیں
تَاللّٰهِ لَتُسۡـَٔـلُنَّ	اللہ کی قسم! ضرور بالضرور تم پوچھے جاؤ گے
عَمَّا كُنۡتُمۡ تَفۡتَرُوۡنَ ﴿56﴾	اسکے بارے میں جو تم جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿56﴾
وَ يَجۡعَلُوۡنَ لِلّٰهِ الۡبَنٰتِ	اور وہ ٹھہراتے ہیں اللہ کے لیے بیٹیاں
سُبۡحٰنَهٗ ۙ وَ لَهُمۡ	وہ پاک ہے (اولاد سے) اور اپنے لیے وہ
مَّا يَشۡتَهُوۡنَ ﴿57﴾ وَ اِذَا	جو وہ چاہتے ہیں (یعنی بیٹے)۔ ﴿57﴾ اور جب
بُشِّرَ اَحَدُهُمۡ بِالۡاُنۡثٰى	خوشخبری دی جائے ان میں سے کسی ایک کو بیٹی کی
ظَلَّ وَجۡهُهٗ مُسۡوَدًّا	(تو) ہو جاتا ہے اس کا چہرہ سیاہ
وَّ هُوَ كَظِيۡمٌ ﴿58﴾ ج	اس حال میں کہ وہ غم سے بھرا ہوتا ہے۔ ﴿58﴾ ج

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَمَتَّعُوۡا	متاع کارواں، مال ومتاع۔	الۡبَنٰتِ	بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات جامعہ۔
تَعۡلَمُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	سُبۡحٰنَهٗ	سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔
لِمَا (لِ+مَا)	لہٰذا، الحمدللہ/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔	يَشۡتَهُوۡنَ	شہوت نفسانی، اشتہاء۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	بُشِّرَ	بشارت، مبشر، بشیر۔
نَصِيۡبًا	نصیب اپنا اپنا، خوش نصیب، بدنصیب۔	اَحَدُهُمۡ	واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
رَزَقۡنٰهُمۡ	رزق، رزّاق، رازق۔	بِالۡاُنۡثٰى	مؤنث ومذکر، تذکیر وتانیث۔
لَتُسۡـَٔـلُنَّ	سوال، سائل، مسئول۔	وَجۡهُهٗ	وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔
تَفۡتَرُوۡنَ	افترا پردازی، مفتری۔	مُسۡوَدًّا	اسود واحمر، حجر اسود، مسودہ۔

فَتَمَتَّعُوْا ۣ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ﴿55﴾	وَ	يَجْعَلُوْنَ
سو تم سب فائدہ اٹھالو	پس عنقریب	تم سب جان لوگے	اور	وہ سب (مقرر) کرتے ہیں

لِمَا	لَا يَعْلَمُوْنَ ❶	نَصِيْبًا	مِّمَّا ❷
(ان) کے لیے جن کو	نہیں وہ سب جانتے	حصہ	(اس) میں سے جو

رَزَقْنٰهُمْ ؕ	تَاللّٰهِ ❸	لَتُسْـَٔلُنَّ ❹	عَمَّا ❺
ہم نے دیا انہیں	اللہ کی قسم!	ضرور بالضرور تم پوچھے جاؤ گے	اسکے بارے میں جو

كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ❻ ﴿56﴾	وَ	يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	الْبَنٰتِ ❼
تم سب جھوٹ باندھتے تھے	اور	وہ سب ٹھہراتے ہیں	اللہ کے لیے	بیٹیاں

سُبْحٰنَهٗ ۙ	وَ	لَهُمْ	مَّا	يَشْتَهُوْنَ ﴿57﴾
وہ پاک ہے	اور	اپنے لیے	جو	وہ سب چاہتے ہیں

وَ	اِذَا	بُشِّرَ ❽	اَحَدُهُمْ	بِالْاُنْثٰى	ظَلَّ
اور	جب	خوشخبری دی جائے	ان میں سے کسی ایک کو	بیٹی کی	ہوجاتا ہے

وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَّ	هُوَ	كَظِيْمٌ ﴿58﴾ ج
اس کا چہرہ	سیاہ	اس حال میں کہ	وہ	غم سے بھرا ہوا

ضروری وضاحت

❶ شروع میں لَا اور آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ جب لفظ اللہ کے شروع میں تَ آئے تو اس میں قسم ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ شروع میں علامت لَ اور آخر میں نَّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ❺ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔ ❻ تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ❼ اسم کے آخر میں ات جمع مونث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

يَتَوَارٰى مِنَ الۡقَوۡمِ مِنۡ سُوۡٓءِ	وہ چھپتا پھرتا ہے قوم سے اس برائی (کی وجہ) سے
مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ	جس کی اس کو خوشخبری دی گئی
اَيُمۡسِكُهٗ عَلٰى هُوۡنٍ	کیا وہ روک رکھے اسے ذلت پر
اَمۡ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ	یا گاڑ (دبا) دے اسے مٹی میں
اَلَا سَآءَ مَا يَحۡكُمُوۡنَ ﴿59﴾	آگاہ رہو! بُرا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔﴿59﴾
لِلَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ	ان لوگوں کے لیے جو ایمان نہیں رکھتے
بِالۡاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوۡءِ ۚ	آخرت پر، بری مثال ہے
وَلِلّٰهِ الۡمَثَلُ الۡاَعۡلٰى ؕ	اور اللہ کے لیے سب سے اعلیٰ مثال ہے
وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿60﴾	اور وہی بہت غالب، خوب حکمت والا ہے۔﴿60﴾
وَلَوۡ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلۡمِهِمۡ	اور اگر پکڑے اللہ لوگوں کو ان کے ظلم کی وجہ سے
مَّا تَرَكَ عَلَيۡهَا مِنۡ دَآبَّةٍ	(تو) نہ چھوڑے اس (زمین) پر کوئی چلنے والا (جاندار)
وَّلٰـكِنۡ يُّؤَخِّرُهُمۡ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ	اور لیکن وہ ڈھیل دیتا ہے انہیں ایک وقت مقرر تک

ع 7/10 13

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الۡحَكِيۡمُ	حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
سُوۡٓءِ	علمائے سوء، اعمال سیّئہ، سوءِ ظن۔	يُؤَاخِذُ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
بُشِّرَ	بشارت، مبشر، بشیر۔	بِظُلۡمِهِمۡ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَرَكَ	ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلوٰۃ۔
هُوۡنٍ	توہین، اہانت، توہین آمیز رویہ۔	يُّؤَخِّرُهُمۡ	مؤخر، تاخیر، آخری۔
التُّرَابِ	تربت (مٹی)۔	اِلٰۤى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
يَحۡكُمُوۡنَ	حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔	اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
يُؤۡمِنُوۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	مُّسَمًّى	اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔

يَتَوَارٰى	مِنَ الْقَوْمِ	مِنْ سُوْٓءِ	مَا	بُشِّرَ (1)	بِهٖ ط
وہ چھپتا پھرتا ہے	قوم سے	برائی سے	جو	خوشخبری دی گئی	اس کو

اَ	يُمْسِكُهٗ	عَلٰى هُوْنٍ	اَمْ	يَدُسُّهٗ	فِي التُّرَابِ ط
کیا	وہ روک رکھے اسے	ذلت پر	یا	وہ گاڑ (دبا) دے اسے	مٹی میں

اَلَا	سَآءَ	مَا	يَحْكُمُوْنَ (59)	لِلَّذِيْنَ	لَا
آگاہ رہو!	بُرا ہے	جو	وہ سب فیصلہ کرتے ہیں	ان لوگوں کے لیے جو	نہیں

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ (2)	مَثَلُ	السَّوْءِ ج	وَ	لِلّٰهِ	الْمَثَلُ
وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	مثال	بری	اور	اللہ کے لیے	مثال

ع 7 10 13

الْاَعْلٰى (3) ط	وَ	هُوَ الْعَزِيْزُ (4)(5)	الْحَكِيْمُ (5) (60) ع	وَ	لَوْ
سب سے اعلیٰ	اور	وہی بہت غالب	خوب حکمت والا ہے	اور	اگر

يُؤَاخِذُ	اللّٰهُ	النَّاسَ	بِظُلْمِهِمْ	مَّا	تَرَكَ	عَلَيْهَا
وہ پکڑے	اللہ	لوگوں کو	ان کے ظلم کی وجہ سے	(تو) نہ	چھوڑے	اس (زمین) پر

مِنْ دَآبَّةٍ (6)(2)(7)	وَّلٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ	اِلٰٓى اَجَلٍ (7)	مُّسَمًّى ج
کوئی چلنے والا	اور لیکن	وہ ڈھیل دیتا ہے انہیں	ایک وقت تک	مقرر

ضروری وضاحت

(1) فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ (2) ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (3) اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ (4) هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ (5) اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ (6) یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (7) اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا ایک کیا گیا ہے۔

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ	پھر جب آجاتا ہے ان کا وقت
لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً	(تو) نہ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں ایک گھڑی
وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ (61)	اور نہ وہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔ (61)
وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ	اور وہ ٹھہراتے ہیں اللہ کے لیے
مَا يَكْرَهُوْنَ	جسے وہ (خود) ناپسند کرتے ہیں
وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ	اور بیان کرتی ہیں ان کی زبانیں جھوٹ
اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ۭ لَا جَرَمَ	کہ بیشک اُن کے لیے بھلائی ہے، کوئی شک نہیں
اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ	کہ بلاشبہ ان کے لیے آگ ہے، اور بیشک وہ
مُّفْرَطُوْنَ (62)	(اس میں) سب سے آگے بھیجے جانے والے ہیں۔ (62)
تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ	اللہ کی قسم! بلاشبہ یقیناً ہم نے (رسول) بھیجے
اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ	امتوں کی طرف آپ سے پہلے
فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ	تو خوش نما بنادیا ان کے لیے شیطان نے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَجَلُهُمْ : اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
يَسْتَاْخِرُوْنَ : مؤخر، تاخیر، آخری۔
سَاعَةً : ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔
وَّ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
يَسْتَقْدِمُوْنَ : قدم، خیر مقدم، اقدام۔
يَكْرَهُوْنَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
تَصِفُ : وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔
اَلْسِنَتُهُمْ : لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔

الْكَذِبَ : کذب بیانی، کذاب۔
الْحُسْنٰى : حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
النَّارَ : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
اَرْسَلْنَآ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
اُمَمٍ : امت، امم سابقہ، امت محمدیہ۔
مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
قَبْلِكَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
فَزَيَّنَ : مزین، تزئین وآرائش۔

فَاِذَا ❶	جَآءَ	اَجَلُهُمْ	لَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ
پھر جب	آجائے	ان کا وقت	(تو) نہ	وہ سب پیچھے رہ سکتے ہیں

سَاعَةً ❷❸	وَّ	لَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ (61)	وَ	يَجْعَلُوْنَ
ایک گھڑی	اور	نہ	وہ سب آگے بڑھ سکتے ہیں	اور	وہ سب ٹھہراتے ہیں

لِلّٰهِ	مَا	يَكْرَهُوْنَ	وَ	تَصِفُ ❷	اَلْسِنَتُهُمُ
اللہ کے لیے	جسے	وہ سب ناپسند کرتے ہیں	اور	بیان کرتی ہیں	ان کی زبانیں

الْكَذِبَ	اَنَّ	لَهُمُ	الْحُسْنٰی ط ❷	لَا جَرَمَ ❹
جھوٹ	کہ بیشک	ان کے لیے	بھلائی	کوئی شک نہیں

اَنَّ	لَهُمُ	النَّارَ	وَ	اَنَّهُمْ	مُّفْرَطُوْنَ ❺ (62)
کہ بلاشبہ	ان کے لیے	آگ	اور	بیشک وہ	سب آگے بھیجے جانے والے

تَاللّٰهِ ❻	لَقَدْ	اَرْسَلْنَآ ❼	اِلٰٓی اُمَمٍ
اللہ کی قسم !	بلاشبہ یقیناً	ہم نے (رسول) بھیجے	اُمتوں کی طرف

مِّنْ قَبْلِكَ	فَزَيَّنَ ❶	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ
آپ سے پہلے	تو خوش نما بنادیا	ان کے لیے	شیطان نے

ضروری وضاحت

❶ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❷ ی، ۃ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔ ❺ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیے ہوئے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ جب لفظ اللّٰہ کے شروع میں تَ آئے تو اس میں قسم ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

اَعۡمَالَهُمۡ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الۡيَوۡمَ	ان کے اعمال کو سو وہی آج ان کا دوست ہے
وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿63﴾	اور ان کے لیے بہت دردناک عذاب ہے۔ ﴿63﴾
وَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ	اور نہیں ہم نے نازل کی آپ پر کتاب (قرآن)
اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ	مگر تا کہ آپ واضح کر دیں ان کے لیے
الَّذِى اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ ۙ	جس میں انہوں نے اختلاف کیا
وَهُدًى وَّرَحۡمَةً	اور (تا کہ وہ) ہدایت اور رحمت ہو
لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿64﴾	اس قوم کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿64﴾
وَاللّٰهُ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	اور اللہ نے نازل کیا آسمان سے کچھ پانی
فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ	پھر زندہ کیا اس کے ذریعے زمین کو
بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ	اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً	بیشک اس میں یقیناً نشانی ہے
لِّقَوۡمٍ يَّسۡمَعُوۡنَ ﴿65﴾ ع	اس قوم کے لیے (جو غور سے) سنتے ہیں۔ ﴿65﴾ ع 8/5/14

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعۡمَالَهُمۡ	عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔	رَحۡمَةً	رحمت، رحم، مرحوم۔
وَلِيُّهُمُ	ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	يُّؤۡمِنُوۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
اَلِيۡمٌ	الم ناک حادثہ، عذاب الیم۔	السَّمَآءِ	کتب سماویہ، ارض وسما۔
اَنۡزَلۡنَا	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	مَآءً	ماء الحیات، ماء اللحم۔
الۡكِتٰبَ	کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	فَاَحۡيَا	حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔
لِتُبَيِّنَ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	مَوۡتِهَا	موت وحیات، سماع موتی، میت۔
اخۡتَلَفُوۡا	اختلاف، مختلف، مخالف، اختلافات۔	لَاٰيَةً	آیت قرآنی، آیات۔
هُدًى	ہدایت، ہادی برحق، ہادیٔ کائنات۔	يَّسۡمَعُوۡنَ	سمع وبصر، آلہ سماعت، محفل سماع۔

اَعۡمَالَهُمۡ	فَهُوَ ❶	وَلِيُّهُمُ	الۡيَوۡمَ	وَ	لَهُمۡ
ان کے اعمال	سو وہی	ان کا دوست	آج	اور	ان کے لیے

عَذَابٌ	اَلِيۡمٌ (63)	وَ	مَاۤ	اَنۡزَلۡنَا ❷	عَلَيۡكَ
عذاب	بہت دردناک	اور	نہیں	ہم نے نازل کی	آپ پر

الۡكِتٰبَ	اِلَّا	لِتُبَيِّنَ ❸	لَهُمُ	الَّذِى
کتاب	مگر	تاکہ آپ واضح کردیں	ان کے لیے	جو

اخۡتَلَفُوۡا	فِيۡهِ ۙ	وَ	هُدًى	وَّ	رَحۡمَةً ❹	لِّقَوۡمٍ ❸
ان سب نے اختلاف کیا	اس میں	اور	ہدایت	اور	رحمت	قوم کے لیے

يُّؤۡمِنُوۡنَ (64)	وَ	اللّٰهُ	اَنۡزَلَ ❷	مِنَ السَّمَآءِ
وہ سب ایمان لاتے ہیں	اور	اللہ نے	نازل کیا	آسمان سے

مَآءً ❺	فَاَحۡيَا ❶	بِهِ ❻	الۡاَرۡضَ	بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ
کچھ پانی	پھر زندہ کیا	اسکے ذریعے	زمین کو	اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد

ع 8 5 14

اِنَّ	فِىۡ ذٰلِكَ ❼	لَاٰيَةً ❹	لِّقَوۡمٍ ❸	يَّسۡمَعُوۡنَ (65) ع
بیشک	اس میں	یقیناً نشانی ہے	قوم کے لیے	وہ سب سنتے ہیں

ضروری وضاحت

❶ فَ کا ترجمہ کبھی پس، پھر، تو اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔ ❷ شروع میں أ فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اُترا، اَنۡزَلَ: اُتارا۔ ❸ علامت لِ اسم کے شروع میں ہو تو ترجمہ کے لیے اور فعل کے شروع میں ترجمہ تاکہ یا چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ❹ ة مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، اس بھی کر دیا جاتا ہے۔

وَاِنَّ لَكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ	اور بے شک تمہارے لیے چوپاؤں میں
لَعِبۡرَةً ‌ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ	یقیناً بڑی عبرت ہے، ہم پلاتے ہیں تمہیں
مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهٖ	اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے
مِنۡۢ بَيۡنِ فَرۡثٍ وَّدَمٍ	(یعنی) گوبر اور خون کے درمیان سے
لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا	خالص دودھ (جو) حلق سے آسانی سے اُتر جانیوالا ہے
لِّلشّٰرِبِيۡنَ ﴿66﴾	پینے والوں کے لیے۔ ﴿66﴾
وَمِنۡ ثَمَرٰتِ النَّخِيۡلِ وَالۡاَعۡنَابِ	اور کھجوروں اور انگوروں کے پھلوں سے (بھی)
تَتَّخِذُوۡنَ مِنۡهُ سَكَرًا	(کہ) تم بناتے ہو اس سے نشہ آور چیزیں
وَّرِزۡقًا حَسَنًا ‌ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً	اور اچھا رزق، بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے
لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿67﴾	اس قوم کے لیے (جو) سمجھتے ہیں۔ ﴿67﴾
وَاَوۡحٰى رَبُّكَ	اور الہام کیا تیرے رب نے
اِلَى النَّحۡلِ اَنِ اتَّخِذِىۡ	شہد کی مکھی کی طرف کہ تو بنا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِىۡ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	ثَمَرٰتِ	: ثمر، ثمرات۔
لَعِبۡرَةً	: نشانِ عبرت، عبرتناک، عبرت آموز۔	تَتَّخِذُوۡنَ	: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
نُسۡقِيۡكُمۡ	: ساقی، ساقیٔ کوثر۔	رِزۡقًا	: رزق، رزّاق، رازق۔
بُطُوۡنِهٖ	: بطنِ مادر۔	حَسَنًا	: حسنہ، حسنات، قرضِ حسنہ۔
مِنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	لَاٰيَةً	: آیت، آیاتِ قرآنی۔
بَيۡنِ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	يَّعۡقِلُوۡنَ	: عقل، عاقل، معقول۔
خَالِصًا	: خالص، خلوص، مخلص۔	اَوۡحٰى	: وحی، وحی متلو۔
لِّلشّٰرِبِيۡنَ	: شراب، شربت، مشروب، اکل وشرب۔	اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

وَاِنَّ	لَكُمْ ❶	فِي الْاَنْعَامِ	لَعِبْرَةً ❷ ؕ	نُسْقِيْكُمْ
اور بیشک	تمہارے لیے	چوپاؤں میں	یقیناً عبرت	ہم پلاتے ہیں تمہیں

مِّمَّا ❸	فِيْ بُطُوْنِهٖ	مِنْۢ بَيْنِ	فَرْثٍ	وَّدَمٍ
(اس) میں سے جو	ان کے پیٹوں میں	درمیان سے	گوبر	اور خون

لَّبَنًا	خَالِصًا	سَآئِغًا ❹	لِّلشّٰرِبِيْنَ (66)
دودھ	خالص	(جو) حلق سے آسانی سے اُتر جانیوالا ہے	پینے والوں کے لیے

وَ	مِنْ ثَمَرٰتِ ❷	النَّخِيْلِ	وَ	الْاَعْنَابِ
اور	پھلوں سے	کھجوروں	اور	انگوروں کے

تَتَّخِذُوْنَ	مِنْهُ	سَكَرًا	وَّ	رِزْقًا	حَسَنًا ؕ
تم سب بناتے ہو	اس سے	نشہ آور چیزیں	اور	رزق	اچھا

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ❺	لَاٰيَةً ❷	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ (67)
بے شک	اس میں	یقیناً نشانی	قوم کے لیے	وہ سب سمجھتے ہیں

وَ	اَوْحٰى	رَبُّكَ ❻	اِلَى النَّحْلِ	اَنِ	اتَّخِذِيْ ❼
اور	الہام کیا	تیرے رب نے	شہد کی مکھی کی طرف	کہ	تو (مؤنث) بنا

ضروری وضاحت

❶ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔ ❷ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❹ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❻ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے کیا جاتا ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں یْ ہو تو اس میں واحد مؤنث کو حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِنَ الۡجِبَالِ بُيُوۡتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ	پہاڑوں میں گھر اور درختوں میں
وَ مِمَّا يَعۡرِشُوۡنَ ﴿68﴾	اور ان میں جن (چھپروں) پر یہ لوگ بیلیں چڑھاتے ہیں۔ ﴿68﴾
ثُمَّ كُلِىۡ مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ	پھر تو کھا ہر قسم کے پھلوں سے
فَاسۡلُكِىۡ سُبُلَ رَبِّكِ	پھر تو چل اپنے رب کے راستوں پر
ذُلُلًا ؕ يَخۡرُجُ	(جو) مسخر کیے ہوئے ہیں، نکلتی ہے
مِنۡۢ بُطُوۡنِهَا شَرَابٌ	انکے پیٹوں سے پینے کی ایک چیز
مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهٗ	مختلف ہیں اس کے رنگ
فِيۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ	اس میں شفاء ہے لوگوں کے لیے
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً	بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے
لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿69﴾	اس قوم کے لیے (جو) غور و فکر کرتے ہیں۔ ﴿69﴾
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمۡ ثُمَّ يَتَوَفّٰٮكُمۡ ۙ	اور اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ فوت کرتا ہے تمہیں
وَ مِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّرَدُّ	اور تم میں سے (کوئی وہ ہے) جو لوٹایا جاتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الۡجِبَالِ	جبل اُحد، جبل رحمت۔	بُطُوۡنِهَا	بطن مادر۔
بُيُوۡتًا	بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	شَرَابٌ	شراب، شربت، مشروب، اکل و شرب۔
الشَّجَرِ	شجر، اشجار، شجر کاری، شجر ممنوعہ۔	اَلۡوَانُهٗ	متلون مزاج (رنگین)۔
كُلِىۡ	اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔	شِفَآءٌ	شفاء، ہوالشافی، شفاء کاملہ۔
الثَّمَرٰتِ	ثمر، ثمرات۔	يَّتَفَكَّرُوۡنَ	فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔
فَاسۡلُكِىۡ	مسلک، سلوک، مسالک۔	خَلَقَكُمۡ	خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
سُبُلَ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	يَتَوَفّٰٮكُمۡ	فوت، وفات، فوتگی، متوفّی۔
يَخۡرُجُ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	يُّرَدُّ	رد، مردود، تردید، مرتد۔

مِنَ الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	وَّ	مِنَ الشَّجَرِ	وَ
پہاڑوں سے	گھر	اور	درختوں سے	اور

مِمَّا ❶	يَعْرِشُوْنَ (68)	ثُمَّ	كُلِيْ ❷❸	مِنْ كُلِّ
(ان) سے جن (چھپروں پر)	یہ سب لوگ بیلیں چڑھاتے ہیں	پھر	تو کھا	ہر (قسم) سے

الثَّمَرٰتِ ❹	فَاسْلُكِيْ ❸❺	سُبُلَ	رَبِّكِ	ذُلُلًا ؕ
پھل	پھر تو چل	راستے	اپنے رب کے	(جو) مسخر کیے ہوئے ہیں

يَخْرُجُ	مِنْ بُطُوْنِهَا	شَرَابٌ ❻	مُّخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهٗ
وہ نکلتی ہے	انکے پیٹوں سے	پینے کی ایک چیز	مختلف ہیں	اس کے رنگ

فِيْهِ	شِفَآءٌ	لِّلنَّاسِ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ ❼	لَاٰيَةً ❹
اس میں	شفاء ہے	لوگوں کے لیے	بے شک	اس میں	یقیناً نشانی ہے

لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ (69)	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ
قوم کے لیے	وہ سب غوروفکر کرتے ہیں	اور اللہ	اس نے پیدا کیا تمہیں

ثُمَّ	يَتَوَفّٰىكُمْ ۛ	وَ	مِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرَدُّ ❽
پھر	وہ فوت کرتا ہے تمہیں	اور	تم میں سے	جو	وہ لوٹایا جاتا ہے

ضروری وضاحت

❶ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❷ یہ دراصل اُءْكُلِيْ تھا، آسانی کے لیے شروع والے دونوں ہمزے گرا دیے گیے ہیں۔ ❸ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں يْ ہو تو واحد مؤنث کو حکم دینے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ❺ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❽ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ	ناکارہ عمر (بڑھاپے) کی طرف
لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ	تاکہ وہ نہ جانے جان لینے کے بعد کچھ بھی
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿70﴾	بیشک اللہ خوب علم والا، بہت قدرت والا ہے۔ ﴿70﴾
وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ	اور اللہ نے فضیلت دی تمہارے بعض کو
عَلٰى بَعْضٍ فِى الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ	بعض پر رزق میں، تو نہیں ہیں وہ لوگ جو
فُضِّلُوْا بِرَآدِّىْ رِزْقِهِمْ	فضیلت دیے گئے ہرگز لوٹانے والے اپنا رزق
عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ	(ان غلاموں) پر جن کے مالک بنے انکے دائیں ہاتھ
فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ؕ	(کہ) پس وہ ہوں اس (رزق) میں برابر
اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿71﴾	تو کیا اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں۔ ﴿71﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ	اور اللہ ہی نے بنائیں تمہارے لیے
مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا	تمہارے نفسوں میں سے بیویاں
وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ	اور اس نے بنائے تمہارے لیے تمہاری بیویوں سے

ع 9/5/15

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلٰٓى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	الرِّزْقِ	: رزق، رزّاق، رازق۔
اَرْذَلِ	: رذیل، رذالت۔	بِرَآدِّىْ	: رد، مردود، تردید، مرتد۔
الْعُمُرِ	: عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔	مَلَكَتْ	: مالک، ملکیت۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اَيْمَانُهُمْ	: یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
يَعْلَمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	سَوَآءٌ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔
قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	اَفَبِنِعْمَةِ	: نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
فَضَّلَ	: فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔	اَنْفُسِكُمْ	: نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
بَعْضَكُمْ	: بعض الناس، بعض اوقات۔	اَزْوَاجًا	: زوجہ، زوجین، ازواج مطہرات۔

اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ ❶	لِكَيْ	لَا	يَعْلَمَ	بَعْدَ عِلْمٍ
ناکارہ عمر کی طرف	اس لیے تاکہ	نہ	وہ جانے	علم کے بعد

ع 9 5 15

شَيْئًا ط	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ ❷	قَدِيْرٌ ❷ (70) ع	وَ اللّٰهُ
کچھ بھی	بیشک	اللہ	خوب علم والا	بہت قدرت والا ہے	اور اللہ

فَضَّلَ	بَعْضَكُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	فِي الرِّزْقِ ج	فَمَا
اس نے فضیلت دی	تمہارے بعض کو	بعض پر	رزق میں	تو نہیں

الَّذِيْنَ	فُضِّلُوْا ❸	بِرَآدِّيْ ❹❺	رِزْقِهِمْ	عَلٰى مَا	مَلَكَتْ ❻
وہ لوگ جو	سب فضیلت دیے گئے	ہرگز لوٹانے والے	اپنا رزق	(اُن) پر جو	مالک بنے

اَيْمَانُهُمْ	فَهُمْ	فِيْهِ	سَوَآءٌ ط	اَ	فَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ ❻
انکے دائیں ہاتھ	پس وہ	اس میں	برابر	کیا	پس اللہ کی نعمت کا

يَجْحَدُوْنَ (71)	وَ اللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
وہ سب انکار کرتے ہیں	اور اللہ نے	بنایا	تمہارے لیے	تمہارے نفسوں میں سے

اَزْوَاجًا	وَّ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ
بیویاں	اور	اس نے بنائے	تمہارے لیے	تمہاری بیویوں سے

ضروری وضاحت

❶ ناکارہ عمر سے مراد بڑھاپا ہے اور نبی اکرم ﷺ نے اس سے پناہ مانگی ہے۔ ❷ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ علامت بِ سے پہلے اگر مَا آرہا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔ ❺ يْ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ علامت تْ اور ةِ مونث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

بَنِيْنَ وَ حَفَدَةً	بیٹے اور پوتے
وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ	اور اس نے رزق دیا تمہیں پاکیزہ چیزوں سے
اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ	تو کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں
وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۙ﴿72﴾	اور اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں۔ ﴿72﴾
وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اور وہ عبادت کرتے ہیں اللہ کے سوا کی
مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا	جو نہیں اختیار رکھتے ان کے لیے رزق کا
مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا	آسمانوں سے اور (نہ) زمین سے کچھ بھی
وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۚ﴿73﴾	اور نہ وہ طاقت رکھتے ہیں۔ ﴿73﴾
فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ	پس مت بیان کرو اللہ کے لیے مثالیں
اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿74﴾	بیشک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ﴿74﴾
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اللہ نے ایک مثال بیان کی
عَبْدًا مَّمْلُوْكًا	ایک (ایسے) غلام کی (جو) کسی کی ملکیت ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَنِيْنَ : ابن قاسم، متنبّی، ابن سینا، ابن بطوطہ۔

رَزَقَكُمْ : رزق، رزّاق، رازق۔

مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

الطَّيِّبٰتِ : طیب، طیبات، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔

اَفَبِالْبَاطِلِ : باطل، ادیان باطلہ۔

يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔

بِنِعْمَتِ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔

يَكْفُرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

يَعْبُدُوْنَ : عبادت، عابد، معبود۔

مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔

يَمْلِكُ : مالک، ملکیت۔

السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔

الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

يَسْتَطِيْعُوْنَ : استطاعت، حسب استطاعت۔

تَضْرِبُوْا : ضرب المثل، ضرب الامثال۔

يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

بَنِيْنَ	وَ	حَفَدَةً ❶	وَّ	رَزَقَكُمْ	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ❷ ط
بہت سے بیٹے	اور	پوتے	اور	اس نے رزق دیا تمہیں	پاکیزہ چیزوں سے

اَ	فَبِالْبَاطِلِ	يُؤْمِنُوْنَ	وَ	بِنِعْمَةِ اللّٰهِ ❷
کیا	پس باطل پر	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اور	اللہ کی نعمت کا

هُمْ يَكْفُرُوْنَ ❸ (72) لا	وَ	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❹
وہ سب انکار کرتے ہیں	اور	وہ سب عبادت کرتے ہیں	اللہ کے سوا

مَا	لَا يَمْلِكُ	لَهُمْ	رِزْقًا	مِّنَ السَّمٰوٰتِ ❷	وَالْاَرْضِ
جو	نہیں وہ اختیار رکھتے	ان کے لیے	رزق	آسمانوں سے	اور زمین

شَيْئًا	وَّ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ❺ (73) ج	فَلَا تَضْرِبُوْا ❻
کچھ بھی	اور	نہ وہ سب طاقت رکھتے ہیں	پس مت تم سب بیان کرو

لِلّٰهِ	الْاَمْثَالَ ط	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	وَ	اَنْتُمْ
اللہ کے لیے	مثالیں	بیشک	اللہ	وہ جانتا ہے	اور	تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ❺ (74)	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا ❼	عَبْدًا ❼	مَّمْلُوْكًا
نہیں تم سب جانتے	بیان کی	اللہ نے	ایک مثال	ایک غلام کی	ملکیت ہے

ضروری وضاحت

❶ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❷ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ هُمْ اور یـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❻ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
❼ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَیْءٍ	وہ قدرت نہیں رکھتا کسی چیز پر
وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا	اور (دوسرا وہ شخص کہ) جس کو ہم نے دیا اپنی طرف سے
رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ	اچھا رزق، تو وہ خرچ کرتا ہے اس میں سے
سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ	پوشیدہ طور پر اور ظاہری طور پر، کیا وہ برابر ہیں
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ	سب تعریف اللہ کے لیے ہے
بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿75﴾	بلکہ ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿75﴾
وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اور بیان کی اللہ نے ایک (اور) مثال
رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ	دو آدمی ہیں ان دونوں میں سے ایک گونگا ہے
لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَیْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ	نہیں قدرت رکھتا کسی چیز پر اور وہ بوجھ ہے
عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ	اپنے مالک پر، جہاں کہیں وہ بھیجتا ہے اسے
لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ	نہیں وہ لاتا کوئی بھلائی، کیا برابر ہے وہ
وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ	اور جو حکم دیتا ہے عدل کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَقْدِرُ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	يَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
رَّزَقْنٰهُ	رزق، رزّاق، رازق۔	ضَرَبَ	ضرب المثل، ضرب الامثال۔
حَسَنًا	حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔	مَثَلًا	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
يُنْفِقُ	نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	رَّجُلَيْنِ	رجال کار، قحط الرجال۔
سِرًّا	اسرار ورموز، پراسرار، سرنہاں۔	مَوْلٰىهُ	ولی، اولیاء کرام، مولا، ولایت۔
جَهْرًا	جہری نمازیں، آمین بالجہر۔	يُوَجِّهْهُّ	وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔
يَسْتَوٗنَ	مساوی، مساوات، خط استواء۔	بِخَيْرٍ	خیر، خیریت، جزائے خیر۔
اَكْثَرُهُمْ	کثرت، اکثر، کثیر، اکثریت۔	يَاْمُرُ	امر، آمر، مامور، امارت۔

لَّا يَقْدِرُ	عَلٰى شَىْءٍ ❶	وَّ	مَنْ	رَّزَقْنٰهُ	مِنَّا ❷
نہیں وہ قدرت رکھتا	کسی چیز پر	اور	جو	ہم نے دیا اُسے	اپنی طرف سے

رِزْقًا	حَسَنًا	فَهُوَ يُنْفِقُ ❸	مِنْهُ	سِرًّا	وَّجَهْرًا ؕ
رزق	اچھا	تو وہ خرچ کرتا ہے	اس میں سے	پوشیدہ	اور ظاہری

هَلْ	يَسْتَوٗنَ ؕ	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ ؕ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ
کیا	وہ سب برابر ہیں	سب تعریف	اللہ کے لیے	بلکہ	ان میں سے اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ❹ (75)	وَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ ❺	مَثَلًا ❶	رَّجُلَيْنِ
نہیں وہ سب جانتے	اور	بیان کی	اللہ نے	ایک مثال	دو آدمی

اَحَدُهُمَآ	اَبْكَمُ	لَا يَقْدِرُ	عَلٰى شَىْءٍ ❶	وَّهُوَ	كَلٌّ
ان دونوں میں سے ایک	گونگا ہے	نہیں وہ قدرت رکھتا	کسی چیز پر	اور وہ	بوجھ

عَلٰى مَوْلٰهُ ۙ	اَيْنَمَا	يُوَجِّهْهُّ	لَا يَاْتِ ❻❼	بِخَيْرٍ ❶ ؕ
اپنے مالک پر	جہاں کہیں	وہ بھیجتا ہے اُسے	نہیں وہ لاتا	کسی بھلائی کو

هَلْ	يَسْتَوِىْ	هُوَ ۙ	وَ	مَنْ	يَّاْمُرُ	بِالْعَدْلِ ۙ
کیا	وہ برابر ہیں	وہ	اور	جو	وہ حکم دیتا ہے	عدل کے ساتھ

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔ ❷ مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ هُوَ اور يُ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❺ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❻ یہ دراصل لَا يَاْتِىْ تھا، قاعدے کی رو سے ىْ گر گئی ہے۔ ❼ يَاْتِ کا ترجمہ وہ آتا ہے، اگر اس کے بعد بِ ہو تو ترجمہ لاتا ہے کیا جاتا ہے۔

ع 10/6/16

وَ هُوَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿76﴾	اور وہ سیدھے راستے پر ہے۔ ﴿76﴾
وَ لِلّٰهِ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ	اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کا غیب
وَ مَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا	اور نہیں ہے قیامت کا معاملہ مگر
كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ	آنکھ جھپکنے کی طرح یا وہ (اس سے بھی) زیادہ قریب
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿77﴾	بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿77﴾
وَ اللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ	اور اللہ نے نکالا تمہیں
مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ	تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے
لَا تَعْلَمُوْنَ شَیْـًٔا ۙ	(اس حال میں کہ) تم نہیں جانتے تھے کچھ بھی
وَّ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ	اور اس نے بنا دیے تمہارے لیے کان اور آنکھیں
وَ الْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾	اور دل تاکہ تم شکر کرو۔ ﴿78﴾
اَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ	کیا نہیں دیکھا انہوں نے پرندوں کی طرف
مُسَخَّرٰتٍ فِیْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ	(کہ) مسخر ہیں آسمان کی فضا میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صِرَاطٍ : صراط مستقیم، پل صراط۔	تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مُّسْتَقِیْمٍ : خطِ مستقیم، استقامت، قائم دائم۔	السَّمْعَ : سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔
غَیْبُ : غیب، عالم الغیب۔	تَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، شکر گزار، اظہار تشکر۔
كَلَمْحِ : کماحقہ، کالعدم۔	یَرَوْا : مرئی و غیر مرئی اشیاء، رویئت ہلال۔
الْبَصَرِ : بصر، بصارت، بصیرت۔	اِلَی : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَقْرَبُ : قرب، قریب، مقرب، تقرب۔	الطَّیْرِ : طائر، طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔
اَخْرَجَكُمْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	مُسَخَّرٰتٍ : مسخر، تسخیر کائنات۔
بُطُوْنِ : بطن مادر۔	فِیْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔

ع 10/6/16

وَهُوَ	عَلٰى صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ ﴿76﴾ ع	وَلِلّٰهِ	غَيْبُ السَّمٰوٰتِ ❶
اور وہ	راستے پر	سیدھا	اور اللہ کے لیے	آسمانوں کا غیب

وَ	الْاَرْضِ ؕ	وَ	مَآ ❷	اَمْرُ	السَّاعَةِ ❶	اِلَّا	كَلَمْحِ
اور	زمین	اور	نہیں	معاملہ	قیامت کا	مگر	جھپکنے کی طرح

الْبَصَرِ	اَوْ	هُوَ	اَقْرَبُ ؕ ❸	اِنَّ اللّٰهَ ❹	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
آنکھ	یا	وہ	زیادہ قریب	بے شک اللہ	ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ❺ ﴿77﴾	وَاللّٰهُ	اَخْرَجَكُمْ ❻	مِّنْۢ بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ
بہت قدرت والا	اور اللہ	اس نے نکالا تمہیں	پیٹوں سے	تمہاری ماؤں کے

لَا	تَعْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا ۙ	وَّ	جَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ
نہیں	تم سب جانتے	کچھ بھی	اور	اس نے بنا دیے	تمہارے لیے	کان

وَ	الْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ ۙ ❼	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ ﴿78﴾	اَ
اور	آنکھیں	اور	دل	تا کہ تم	تم سب شکر کرو	کیا

لَمْ	يَرَوْا ❽	اِلَى الطَّيْرِ	مُسَخَّرٰتٍ ❶	فِيْ جَوِّ	السَّمَآءِ ؕ
نہیں	دیکھا انہوں نے	پرندوں کی طرف	(کہ) مسخر ہیں	فضا میں	آسمان کی

ضروری وضاحت

❶ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا۔ ❸ شروع میں علامت ا میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❹ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❺ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❽ ي کا اصل ترجمہ وہ ہے علامت لَمْ کے بعد عموماً ترجمہ انہوں نے کیا جاتا ہے۔

مَا يُمۡسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ	نہیں روکتا انہیں (فضا میں) مگر اللہ ہی
اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿79﴾	اس قوم کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿79﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمۡ مِّنۡ بُیُوۡتِكُمۡ	اور اللہ نے بنائی تمہارے لیے تمہارے گھروں سے
سَكَنًا وَّ جَعَلَ لَكُمۡ	رہنے کی جگہ اور بنائے تمہارے لیے
مِّنۡ جُلُوۡدِ الۡاَنۡعَامِ بُیُوۡتًا	چوپاؤں کے چمڑوں سے گھر (خیمے)
تَسۡتَخِفُّوۡنَهَا یَوۡمَ ظَعۡنِكُمۡ	تم ہلکا پھلکا پاتے ہو انہیں اپنے سفر کے دن
وَیَوۡمَ اِقَامَتِكُمۡ ۙ وَمِنۡ اَصۡوَافِهَا	اور اپنی اقامت کے دن اور ان کی اون سے
وَاَوۡبَارِهَا وَاَشۡعَارِهَاۤ اَثَاثًا	اور ان کی پشم اور ان کے بالوں سے گھر کا سامان
وَّمَتَاعًا اِلٰی حِیۡنٍ ﴿80﴾	اور ایک وقت تک فائدہ اٹھانے کی چیزیں بنائیں۔ ﴿80﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمۡ	اور اللہ ہی نے بنا دیے تمہارے لیے
مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا	سائے (ان چیزوں) سے جو اس نے پیدا کیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یُمۡسِكُهُنَّ	: ممسک، تمسک بالدین۔	تَسۡتَخِفُّوۡنَهَا	: تخفیف، مخفف، خفیف۔
اِلَّا / فِیۡ	: الا قلیل، الا یہ کہ / فی الحال، فی الفور۔	یَوۡمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
لَاٰیٰتٍ	: آیت، آیات قرآنی۔	اِقَامَتِكُمۡ	: اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔
یُّؤۡمِنُوۡنَ	: ایمان، مؤمن، امن۔	اَثَاثًا	: اثاثہ، اثاثہ جات، اثاثے۔
مِّنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	مَتَاعًا	: متاع کارواں، مال ومتاع۔
بُیُوۡتِكُمۡ	: بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	اِلٰی	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
سَكَنًا	: ساکن، مسکن، سکنہ، سکونت پذیر۔	خَلَقَ	: خلق، خالق، مخلوق، خلقت۔
جُلُوۡدِ	: جلدی امراض، ماہر امراض جلد۔	ظِلٰلًا	: ظل سبحانی، ظل ہما، ظل عرش۔

مَا [1]	يُمْسِكُهُنَّ	اِلَّا اللّٰهُ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ [2]	لَاٰيٰتٍ [3]
نہیں	وہ روکتا انہیں	مگر اللہ	بے شک	اس میں	یقیناً نشانیاں

لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ (79)	وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ [4]
قوم کے لیے	وہ سب ایمان لاتے ہیں	اور اللہ	اس نے بنائی	تمہارے لیے

مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ [5]	سَكَنًا	وَّ	جَعَلَ	لَكُمْ [4]
تمہارے گھروں سے	رہنے کی جگہ	اور	بنائے	تمہارے لیے

مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ	بُيُوْتًا	تَسْتَخِفُّوْنَهَا	يَوْمَ ظَعْنِكُمْ [5]
چوپاؤں کے چمڑوں سے	گھر	تم سب ہلکا پھلکا پاتے ہو انہیں	دن اپنے سفر کے

وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ [5] ۙ	وَ	مِنْ اَصْوَافِهَا	وَ	اَوْبَارِهَا
اور اپنی اقامت کے دن	اور	ان کی اون سے	اور	اُن کی پشم

وَ	اَشْعَارِهَآ	اَثَاثًا	وَّ	مَتَاعًا	اِلٰى حِيْنٍ [6] (80)
اور	ان کے بالوں (سے)	(گھر کا) سامان	اور	(فائدہ اٹھانے کی) چیزیں	ایک وقت تک

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ [4]	مِّمَّا [7]	خَلَقَ	ظِلٰلًا
اور اللہ	اس نے بنا دیے	تمہارے لیے	ان سے جو	اس نے پیدا کیں	سائے

ضروری وضاحت

❶ مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❷ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❸ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔ ❺ كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❻ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❼ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

وَّجَعَلَ لَكُمۡ مِّنَ الۡجِبَالِ	اور اس نے بنائیں تمہارے لیے پہاڑوں میں
اَكۡنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمۡ سَرَابِيۡلَ	غاریں اور اس نے بنائیں تمہارے لیے قمیصیں
تَقِيۡكُمُ الۡحَرَّ وَسَرَابِيۡلَ	وہ بچاتی ہیں تمہیں گرمی سے اور وہ قمیصیں (زرہیں)
تَقِيۡكُمۡ بَاۡسَكُمۡ ؕ	(جو) بچاتی ہیں تمہیں تمہاری جنگ میں
كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعۡمَتَهٗ عَلَيۡكُمۡ	اسی طرح وہ پوری کرتا ہے اپنی نعمت تم پر
لَعَلَّكُمۡ تُسۡلِمُوۡنَ ﴿81﴾	تا کہ تم فرمانبردار بن جاؤ۔ ﴿81﴾
فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا	پھر اگر وہ پھر جائیں تو بیشک صرف
عَلَيۡكَ الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿82﴾	آپ کے ذمے واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔ ﴿82﴾
يَعۡرِفُوۡنَ نِعۡمَتَ اللّٰهِ	وہ پہچانتے ہیں اللہ کی نعمت کو
ثُمَّ يُنۡكِرُوۡنَهَا	پھر وہ انکار کرتے ہیں اس کا
وَاَكۡثَرُهُمُ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿83﴾ ع 11/7 17	اور ان میں سے اکثر ناشکرے ہیں۔ ﴿83﴾
وَيَوۡمَ نَبۡعَثُ مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ	اور جس دن ہم کھڑا کریں گے ہر امت سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	تُسۡلِمُوۡنَ : تسلیم ورضا، سلامتی، اسلام۔
الۡجِبَالِ : جبل اُحد، جبل رحمت، جبال ہمالیہ۔	الۡبَلٰغُ : بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔
تَقِيۡكُمۡ : تقوٰی، متقی۔	الۡمُبِيۡنُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
الۡحَرَّ : حرارت۔	يَعۡرِفُوۡنَ : عرف، معروف، تعارف، معرفت۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم۔	يُنۡكِرُوۡنَهَا : منکر، منکرات، انکار۔
يُتِمُّ : اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر۔	الۡكٰفِرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
نِعۡمَتَهٗ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔	نَبۡعَثُ : بعثت انبیاء، مبعوث۔
عَلَيۡكُمۡ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	اُمَّةٍ : اُمت، اُمم سابقہ، اُمت محمدیہ۔

وَّ جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ الْجِبَالِ	اَكْنَانًا	وَّ جَعَلَ
اور اس نے بنائیں	تمہارے لیے	پہاڑوں میں	غاریں	اور اس نے بنائیں

لَكُمْ	سَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمُ ❶	الْحَرَّ	وَ	سَرَابِيْلَ
تمہارے لیے	قمیصیں	وہ بچاتی ہیں تمہیں	گرمی سے	اور	قمیصیں

تَقِيْكُمْ ❶	بَاْسَكُمْ ؕ	كَذٰلِكَ	يُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ ❷
بچاتی ہیں تمہیں	تمہاری جنگ (میں)	اسی طرح	وہ پوری کرتا ہے	اپنی نعمت

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْلِمُوْنَ ﴿81﴾	فَاِنْ	تَوَلَّوْا ❸
تم پر	تاکہ تم	تم سب فرمانبردار بن جاؤ	پھر اگر	وہ سب پھر جائیں

فَاِنَّمَا ❹	عَلَيْكَ ❺	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ ﴿82﴾	يَعْرِفُوْنَ
تو بیشک صرف	آپ کے ذمے	پہنچا دینا ہے	واضح	وہ سب پہچانتے ہیں

نِعْمَتَ اللّٰهِ ❻	ثُمَّ	يُنْكِرُوْنَهَا	وَ	اَكْثَرُهُمُ
اللہ کی نعمت	پھر	وہ سب انکار کرتے ہیں اس کا	اور	ان میں سے اکثر

ع 11 7 17

الْكٰفِرُوْنَ ﴿83﴾ ع	وَ	يَوْمَ	نَبْعَثُ	مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ ❶
سب ناشکری کرنے والے	اور	(جس) دن	ہم کھڑا کریں گے	ہر اُمت سے

ضروری وضاحت

❶ تَ فعل کے شروع میں اور ةً اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ هٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❸ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے ❹ اِنَّ کے ساتھ جب مَا لگ جائے تو اس میں صرف یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ عَلٰی کا ترجمہ عموما پر کبھی کے ذمے اور کبھی کے بل وغیرہ ہوتا ہے۔ ❻ یہاں قرآنی کتابت میں ة کو ت سے بدل کر لکھا گیا ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ	ایک گواہ پھر نہ اجازت دی جائے گی
لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ	ان لوگوں کو جنھوں نے کفر کیا، اور نہ وہ
يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿84﴾ وَاِذَا	توبہ کا مطالبہ کیے جائیں گے۔ ﴿84﴾ اور جب
رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ	دیکھیں گے وہ لوگ جنھوں نے ظلم کیا عذاب کو
فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ	تو نہ وہ کم کیا جائے گا ان سے
وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿85﴾	اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے۔ ﴿85﴾
وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	اور جب دیکھیں گے وہ لوگ جنھوں نے شرک کیا
شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا	اپنے (بنائے ہوئے) شریکوں کو (تو) وہ کہیں گے
رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا	اے ہمارے رب! یہ ہمارے (وہ) شریک ہیں
الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ	جنہیں تھے ہم پکارتے تیرے سوا
فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ	تو وہ پھینک ماریں گے ان کی طرف (یہ) بات
اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿86﴾	(کہ) بلاشبہ تم یقیناً جھوٹے ہو۔ ﴿86﴾

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شَهِيْدًا : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔	يُخَفَّفُ : تخفیف، مخفف، خفیف۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	اَشْرَكُوْا : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
يُؤْذَنُ : اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	نَدْعُوْا : دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
رَاَ : مرئی وغیر مرئی اشیاء، رویت ہلال۔	فَاَلْقَوْا : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	اِلَيْهِمْ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الْعَذَابَ : عذاب، عذاب آخرت۔	لَكٰذِبُوْنَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔

شَهِيْدًا ❶	ثُمَّ	لَا يُؤْذَنُ ❷	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ایک گواہ	پھر	نہ اجازت دی جائے گی	ان کے لیے جن	سب نے کفر کیا

وَلَا	هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ❷❸ (84)	وَاِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ
اور نہ	وہ سب توبہ کا مطالبہ کیے جائیں گے	اور جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جن

ظَلَمُوا	الْعَذَابَ	فَلَا	يُخَفَّفُ ❷	عَنْهُمْ
سب نے ظلم کیا	عذاب	تو نہ	وہ کم کیا جائے گا	ان سے

وَلَا	هُمْ يُنْظَرُوْنَ ❷❸ (85)	وَ	اِذَا	رَاَ	الَّذِيْنَ
اور نہ	وہ سب مہلت دیے جائیں گے	اور	جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جن

اَشْرَكُوْا	شُرَكَآءَهُمْ	قَالُوْا	رَبَّنَا ❹	هٰٓؤُلَآءِ
سب نے شرک کیا	اپنے شریکوں کو	وہ سب کہیں گے	(اے) ہمارے رب!	یہ

شُرَكَآؤُنَا ❹	الَّذِيْنَ	كُنَّا	نَدْعُوْا	مِنْ دُوْنِكَ ❺ ج
ہمارے شریک	جنہیں	تھے ہم	ہم سب پکارتے	تیرے سوا

فَاَلْقَوْا	اِلَيْهِمُ	الْقَوْلَ	اِنَّكُمْ ❻	لَكٰذِبُوْنَ ❼ ج (86)
تو وہ سب پھینک ماریں گے	ان کی طرف	بات	بلاشبہ تم	یقیناً سب جھوٹ بولنے والے ہو

الثالثة

ضروری وضاحت

❶ اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ❷ اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ هُمْ اور یـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❹ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ❺ یہاں علامت مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❼ اسم، فعل اور حرف کے ساتھ لَ تاکید کی علامت ہوتی ہے۔

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ	اور وہ پیش کریں گے اللہ کی طرف
يَوْمَىِٕذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ	اس دن فرمانبرداری اور گم ہو جائے گا ان سے
مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿87﴾	جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ ﴿87﴾
اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور روکا اللہ کی راہ سے
زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ	ہم زیادہ دیں گے اُنہیں عذاب پر عذاب
بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿88﴾	اس وجہ سے جو وہ فساد کرتے تھے۔ ﴿88﴾
وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ	اور جس دن ہم کھڑا کریں گے ہر امت میں
شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ	ایک گواہ ان پر ان کے نفسوں میں سے
وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ	اور ہم لائیں گے آپ کو (بطور) گواہ ان لوگوں پر
وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ	اور ہم نے نازل کی آپ پر (یہ) کتاب (اس حال میں کہ)
تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ	کھول کر بیان کرنے والی ہے ہر چیز کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْقَوْا	اِلقاء۔	فَوْقَ	فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
اِلَى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يُفْسِدُوْنَ	فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
السَّلَمَ	تسلیم و رضا، سلامتی، اسلام۔	شَهِيْدًا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
ضَلَّ	ضلالت و گمراہی۔	عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَفْتَرُوْنَ	افترا پردازی، مفتری۔	اَنْفُسِهِمْ	نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	نَزَّلْنَا	نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
سَبِيْلِ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	الْكِتٰبَ	کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
زِدْنٰهُمْ	زیادہ، مزید، زائد۔	تِبْيَانًا	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔

وَ	اَلْقَوْا	اِلَى اللّٰهِ	يَوْمَىِٕذِ	السَّلَمَ	وَ ضَلَّ
اور	وہ سب پیش کریں گے	اللہ کی طرف	اس دن	فرمانبرداری	اور گم ہوجائے گا

عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ❶ (87)	اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ان سے	جو	تھے وہ سب جھوٹ باندھتے	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	زِدْنٰهُمْ	عَذَابًا
اور	سب نے روکا	اللہ کی راہ سے	ہم زیادہ دیں گے اُنہیں	عذاب

فَوْقَ الْعَذَابِ	بِمَا❷	كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ❶ (88)	وَ	يَوْمَ
عذاب پر	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب فساد کرتے	اور	جس دن

نَبْعَثُ	فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ❸	شَهِيْدًا❹	عَلَيْهِمْ	مِّنْ اَنْفُسِهِمْ
ہم کھڑا کریں گے	ہر امت میں	ایک گواہ	ان پر	ان کے نفسوں میں سے

